AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 ہفتہ 19 رمضان المبارک 1445ھ 30 مارچ 2024ء 17 چیت 2079ب شمارہ نمبر 285

آئی ایم ایف کیساتھ نئے پروگرام اسٹاف لیول معاہدہ جون تک کرنا چاہتے ہیں وفاقی وزیرخزانہ

کرنٹ اکاؤنٹ میں نمایاں کمی آئی، فروری میں سرپلس ہوگیا، شرح مبادلہ مستحکم رہی، مہنگائی کی شرح بھی 38 فیصد سے 23 فیصد، بہتر معاشی پالیسیوں کی بدولت جلد معیشت مستحکم ہوگی، ایف بی آر کے کچھ حصوں میں ڈیجیٹلائزیشن ہوچکی

نگران حکومت نے معیشت کی بہتری کے لیے مثبت اقدامات کیے، ای ایف ایف کی ضرورت اسٹرکچرل ریفارمز ایجنڈے کے نفاذ کے لیے ہے، ضرورت ہے کہ ہم نفاذ کے عمل میں فوری داخل ہوجائے، محمد اورنگزیب کی تقریب میں گفتگو

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ہم معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کیساتھ نئے پروگرام کیلئے اسٹاف لیول معاہدہ جون تک کرنا چاہتے ہیں، کرنٹ اکاؤنٹ میں نمایاں کمی آئی ہے، فروری میں یہ سرپلس ہوگیا، شرح مبادلہ مستحکم رہی اور مہنگائی کی شرح بھی 38 فیصد سے 23 فیصد ہوگئی، بہتر معاشی پالیسیوں کی بدولت جلد معیشت مستحکم ہوگی، ایف بی آر کے کچھ حصوں میں ڈیجیٹلائزیشن ہوچکی ہے، اس سے شفافیت بھی بڑھے گی۔ جمعہ کو یہاں اسٹاک ایکسچینج کی تقریب کے دوران گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم پچھلے سال کے مقابلے اس سال پہلے سے بہتر نوٹ پر داخل ہوئے ہیں، اس میں جی ڈی پی کے کچھ عناصر شامل ہیں، اس کے علاوہ زراعت نے بھی اہم کردار ادا کیا(بقیہ نمبر 1)

اللہ کو حاضر وناظر جان کر کہتا ہوں کسی سے ناانصافی نہیں کی، جسٹس ابراہیم

امید ہے کہ پشاور ہائی کورٹ میں جو بھی آئے گا اس کو انصاف ملے گا، چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ

پشاور (این این آئی) چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ محمد ابراہیم نے کہا ہے کہ اللہ کو حاضر وناظر جان کر کہتا ہوں کہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کی۔ یہ بات چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ جسٹس ابراہیم نے کمرہ عدالت میں ختم القرآن کی تقریب میں کہی۔ ختم القرآن کے موقع پر ملک میں امن وخوش حالی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ محمد ابراہیم نے تقریب سے خطاب(بقیہ نمبر 2)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف زرعی اصلاحات کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

سیاسی تقسیم افراتفری کا خاتمہ چاہتے ہیں وزیراعظم

اس وقت ہماری سب سے اہم مصروفیت پاکستان کے اندر مختلف چیلنجز کو سمجھنا اور برق رفتاری سے ان سے نمٹنا ہے، یہ تب ہی ممکن ہے جب وفاق، چاروں صوبے، ادارے اور افواج سب مل کر اس عظیم مشن کے لیے یکسوں ہوجائیں، خطاب

سمگلنگ نے بے پناہ نقصان پہنچایا، اس وقت ہماری سب سے اہم مصروفیت پاکستان کے اندر مختلف چیلنجز کو سمجھنا اور برق رفتاری سے ان سے نمٹنا ہے تاکہ معیشت کو سنبھال، پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی طرف لے جاسکیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہم ملک سے سیاسی تقسیم اور افراتفری کا خاتمہ چاہتے ہیں، اس وقت ہماری سب سے اہم مصروفیت پاکستان کے اندر مختلف چیلنجز کو سمجھنا اور برق رفتاری سے ان سے نمٹنا ہے، یہ تب ہی ممکن ہے جب وفاق، چاروں صوبے(بقیہ نمبر 24)

سٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں 40 لاکھ ڈالر کا اضافہ

ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر بہتر ہوکر 278 روپے 3 پیسے ہوگئی، رپورٹ

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر میں 40 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا ہے جبکہ ڈالر کے قابلے میں روپے کی قدر بڑھی ہے۔ مرکزی بینک نے رپورٹ کیا کہ اسٹیٹ بینک کے پاس موجود زرمبادلہ کے ذخائر 22 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران 40 (بقیہ نمبر26)

حضرت علیؓ کا یوم شہادت 21 رمضان کو عقیدت واحترام کیساتھ منایا جائیگا

لاہور (این این آئی) امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہ کا یوم شہادت 21 رمضان المبارک بمطابق یکم اپریل (بقیہ نمبر 25)

لاہور، ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ امریکی قونصل جنرل مس کرسٹن کے ہاکنز سے ملاقات کررہے ہیں

افغانستان میں دہشتگردوں کی محفوظ پناہ گاہیں نہ بننے دی جائیں امریکہ

واشنگٹن افغانستان میں ہونے والی پیش رفت کو قریب سے دیکھ رہا ہے، طالبان دہشت گردی سے متعلق دنیا سے کئے گئے وعدے پورے کریں

پاکستان میں سفیر کی سرگرمیوں بارے مجھے کوئی اپ ڈیٹ نہیں، ترجمان محکمہ خارجہ کی امریکی سفیر کی اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے ملاقات پر وضاحت

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے کہا ہے کہ طالبان دہشت گردی سے متعلق دنیا سے کئے گئے وعدے پورے کریں اور افغانستان میں دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہیں نہ بننے دی جائیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ترجمان امریکی محکمہ خارجہ میتھیو ملر نے واشنگٹن میں پریس بریفنگ (بقیہ نمبر 3)

مالی سال 24-2023 کی دوسری سہ ماہی میں معیشت ایک فیصد بڑھی

لاہور (این این آئی) مالی سال 24-2023 کی دوسری سہ ماہی میں پاکستان کی خام ملکی پیداوار میں ایک فیصد کا معمولی اضافہ ہوا جس (بقیہ نمبر 5)

صنم جاوید اور عالیہ حمزہ ایک اور مقدمے میں گرفتار

میانوالی پولیس صنم جاوید اور عالیہ حمزہ کے راہداری ریمانڈ کی استدعا کرے گی

لاہور (این این آئی) پولیس نے پی ٹی آئی رہنما عالیہ حمزہ اور سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ صنم جاوید کو میانوالی میں درج مقدمے میں گرفتار کرلیا۔ ذرائع کے مطابق جیل حکام ملزمان کو انسداد دہشت گردی عدالت پیش کریں گے، میانوالی پولیس صنم جاوید اور عالیہ حمزہ کے راہداری ریمانڈ کی (بقیہ نمبر 4)

شانگلہ حملے کے اصل ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لائیں گے وزیرداخلہ

وزیرداخلہ نے شانگلہ حملے کی تحقیقات کیلئے چین سے آئی خصوصی انوسٹی گیشن ٹیم سے ملاقات، حملے کے بارے اب تک ہونیوالی تحقیقات سے آگاہ کیا

ملاقات میں چینی شہریوں کے تحفظ اور مجموعی سکیورٹی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا، چین کے سفیر سے بھی ملاقات، ابتک کی پیشرفت سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں چینی سفارت خانے کا دورہ کیا جہاں انہوں نے شانگلہ حملے کی تحقیقات کیلئے چین سے آئی خصوصی انوسٹی گیشن ٹیم سے ملاقات کی، وزیر داخلہ نے چینی ٹیم کو حملے کے بارے اب تک ہونے والی تحقیقات سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں چینی شہریوں کے تحفظ اور مجموعی سکیورٹی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے چین کے سفیر سے بھی ملاقات کی اور حملے سے متعلق ہونے والی اپ ڈیٹ سے آگاہ کیا۔ وزیرداخلہ کا کہنا تھا کہ شانگلہ حملے کے اصل ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لائیں گے۔ ملاقات میں چینی شہریوں کے تحفظ اور مجموعی سکیورٹی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے چین کے سفیر سے بھی ملاقات کی اور حملے سے متعلق ہونے والی اپ ڈیٹ سے آگاہ کیا۔

مشترکہ مفادات کونسل کی تشکیل نو پہلی مرتبہ وزیرخزانہ کی جگہ وزیرخارجہ کونسل میں شامل

وزیراعظم شہباز شریف نے اسحاق ڈار کے تجربے اور صوبوں سے معاملات طے کرنے کی صلاحیتوں کو دیکھتے ہوئے انہیں مشترکہ مفادات کونسل میں شامل کیا

8 رکنی مشترکہ مفادات کونسل کے چیئرمین وزیراعظم شہباز شریف ہوں گے، چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ بطور ممبران سی سی آئی میں شامل ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیر اعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر مشترکہ مفادات کونسل کی تشکیلِ نو کر دی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی منظوری کے بعد سی سی آئی کی تشکیلِ نو کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ مشترکہ مفادات کونسل کی تاریخ میں پہلی بار وزیرِ خزانہ کی جگہ وزیرِ خارجہ شامل کیے گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 8 رکنی مشترکہ مفادات کونسل کے چیئرمین وزیرِ اعظم شہباز شریف ہوں گے۔ وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار بطور رکن مشترکہ مفادات کونسل میں شامل ہیں۔ وزیرِ دفاع خواجہ آصف، وزیرِ سیفران امیر مقام بھی سی سی آئی میں شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق مشترکہ مفادات کونسل 21 مارچ 2024ء سے وجود میں آئی ہے۔ مشترکہ مفادات کونسل فیصلہ سازی کا ملک کا سب سے بڑا فورم ہے۔ قدرتی وسائل کی تقسیم سمیت وہ معاملات جن پر وفاق اور صوبوں میں اختلاف ہو ان پر مشترکہ مفادات (بقیہ نمبر 6)

لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان کیساتھ لاہور بار ایسوسی ایشن کے وفد کا ملاقات کیموقع پر گروپ فوٹو

ملک میں تیل وگیس کی پیداوار میں گزشتہ ہفتے کے دوران کمی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں تیل وگیس کی پیداوار میں گزشتہ ہفتے کے دوران (بقیہ نمبر 7)

غیر قانونی بھرتیوں کے کیس میں پرویز الٰہی 4 اپریل کو فرد جرم کیلئے طلب

لاہور (این این آئی) اینٹی کرپشن عدالت نے غیر قانونی بھرتیوں کے کیس میں (بقیہ نمبر 8)

اسرائیلی ٹینکوں پر القسام بریگیڈز اور اسلامی جہاد کی گولہ باری

الشفا ہسپتال کے باہر اسرائیلی فوج کے ٹینکوں کو نشانہ بنایا اور شکن گولے برسائے، رپورٹ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) پچھلے تقریبا چھ ماہ سے غزہ میں جاری اسرائیلی جنگ کے بعد اطلاع آئی ہے کہ غزہ کے سب سے بڑے ہسپتال پر اسرائیلی فوج کی دوسری بڑی یلغار کا حماس اور اسلامی جہاد نامی فلسطینی گروپوں نے باقاعدہ مقابلہ کرنا شروع کردیا ہے۔ اس بارے (بقیہ نمبر9)

پی آئی اے نجکاری، جلد عالمی مارکیٹ میں اشتہار شائع ہونگے

7 ممالک کے سرمایہ کاروں کی دلچسپی، 3 ایئر پورٹس کی بھی آؤٹ سورسنگ ہوگی

کراچی (این این آئی) قومی ایئر لائن پی آئی اے برائے فروخت، عنقریب بین الاقوامی مارکیٹ میں اشتہارات شائع ہوجائیں گے۔ حکومت نے پی آئی اے کی نجکاری کے لیے (بقیہ نمبر 10)

بھارت میں بھی عدلیہ پر دباؤ کا الزام، 600 وکلا کا چیف جسٹس کو خط

مفاد پرست گروپ عدلیہ پر دباؤ ڈالنے اور انہیں بدنام کرنے کی کوشش کر رہا ہے، خط کا متن

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں سیکڑوں وکیلوں نے چیف جسٹس آف انڈیا ڈی وائی چندر چوڑ کو خط لکھ کر الزام عائد کیا ہے کہ ایک مفاد پرست گروپ عدلیہ پر دباؤ ڈالنے اور انہیں (بقیہ نمبر 11)

اسلام آبا، وزیرمملکت برائے آئی ٹی شیزہ فاطمہ سے آذربائیجان کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

وزیر اعلیٰ کا 9 سالہ ذہنی معذور بچی سے مبینہ زیادتی کے واقعہ کا نوٹس

واقعہ کی مکمل تحقیقات کر کے ملزمان کا تعین کیا جائے، آئی جی سے رپورٹ طلب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے ڈی ایچ کیو ہسپتال لیہ میں 9 سالہ ذہنی معذور بچی سے مبینہ زیادتی کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے انسپکٹر جنرل پولیس سے رپورٹ طلب کر (بقیہ نمبر 12)

صورتحال تشویشناک، تمام اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، نیئر بخاری

آرمی ایکٹ میں ترمیم کی ضرورت ہے اور سویلین کا ٹرائل آرمی کورٹس میں نہیں ہونا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) سینئر قانون دان اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل نیئر بخاری نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججوں کی جانب سے مداخلت کے حوالے سے خط (بقیہ نمبر 13)

بلوچستان میں طوفانی بارش، 5 افراد جاں بحق، کان کن پھنس گئے

کوئٹہ (این این آئی) شمالی مشرقی بلوچستان میں طوفانی بارشوں کے باعث ضلع دکی میں مکان کی چھت گرنے سے 5 افراد جاں (بقیہ نمبر15)

لیفٹیننٹ جنرل منیر افسر کو 3 سال کیلئے چیئرمین نادرا تعینات کرنے کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو 3 سال کے لیے چیئرمین نادرا تعینات کرنے (بقیہ نمبر 14)

آن لائن میٹنگ کی مخالفت کیوں کی جارہی ہے؟ اسلام آباد ہائی کورٹ

پٹیشنرز مطمئن ہیں، بانی پی ٹی سے ملاقات کرانے کی درخواست نمٹا دیتے ہیں، عدالت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان کی وکلا سے جیل میں ملاقات کروانے کی درخواست نمٹا دی۔ جسٹس سردار اعجاز اسحٰق خان نے درخواستوں (بقیہ نمبر 16)

پرویز الٰہی کو مزید چند دن ہسپتال میں رکھا جاسکتا ہے، ہسپتال ذرائع

پسلیوں میں درد کی وجہ سے پرویز الٰہی کو بیٹھنے میں مشکل پیش آرہی ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیرِ اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں زیرِ علاج ہیں۔ پمز ہسپتال کے ذرائع کے مطابق پرویز الٰہی (بقیہ نمبر17)

ریاستی رٹ چیلنج کرنیوالوں سے آہنی ہاتھوں نمٹیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان

اپنے لوگوں کا تحفظ کرنا آئینی ذمہ داری، بنیادی طور پر مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی اتحادی، ہم بیٹھیں گے، اپنے فیصلے کریں گے

بلوچستان میں جمعیت علمائے اسلام (ف) اپوزیشن میں ہے، سیاسی ہم آہنگی کیلئے بہت سارے معاملات پر اکٹھے ہیں، سرفراز بگٹی کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ جن لوگوں نے حکومت کی رٹ کو چیلنج کیا ہوا ہے، جن لوگوں نے تشدد کا راستہ اپنایا ہوا ہے، جنہوں نے معصوم شہریوں کے قتل و غارت کا راستہ چنا ہے، ان کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، اپنے لوگوں کا تحفظ کرنا آئینی ذمہ داری ہے، بنیادی طور پر پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی اتحادی ہے، ہم بیٹھیں گے، اپنے فیصلے کریں گے، بلوچستان (بقیہ نمبر 22)

کچھ لوگ جعلی حلقہ بندیوں، ووٹر لسٹ کے باعث مسلط ہیں، خالد مقبول

سٹریٹ کرائم کنٹرول نہ کیا اور اگر تحفظ فراہم نہ کیا گیا تو سڑکوں پر نکل کو خود اپنی حفاظت کریں گے

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے کنوینر خالد مقبول صدیقی نے سندھ حکومت کو وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹریٹ (بقیہ نمبر 21)

زلفی بخاری کے کاغذات مسترد کرنے کے خلاف اپیل پر فریقین سے جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سینیٹ انتخابات کے لیے پاکستان (بقیہ نمبر23)

عون چودھری کی کامیابی کیخلاف درخواست سماعت کیلئے مقرر کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما (بقیہ نمبر 20)

شہباز شریف نے پی پی 164 میں رانا راشد منہاس کو پارٹی ٹکٹ جاری کردیا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے (بقیہ نمبر 19)

hange
gzeb
enue

کراچی، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اسٹاک ایکسچینج کے دورے کیموقع پر گھنٹی بجا کر کاروبار کا آغاز کررہے ہیں

بجلی چوری اقتصادی دہشتگردی معیشت کو بری طرح متاثر کیا اویس لغاری

بجلی چوری کے خاتمہ مہم میں جدت پیدا کرنے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال کریں، نئے کنکشن کی تنصیب میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

صارفین کی شکایات کے بروقت حل کیلئے ملک بھر میں جدید کسٹمر سروس سنٹر قائم کر کے قابلیت کے حامل افسران تعینات کیے جائیں، وفاقی وزیر

فیصل آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد لغاری نے پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیز کے چیرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسرز سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کیا۔ انکا کہنا تھا کہ بجلی چوری ایک اقتصادی دہشت گردی ہے، جس نے ملکی معیشت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ انہوں نے ڈسکوز کے افسران سے کہا کہ بجلی چوری کے خاتمہ مہم میں جدت پیدا کرنے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال کریں۔ وفاقی وزیر نے تمام ڈسکوز کو ہدایات جاری کرتے (بقیہ نمبر 18)

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق گنگارام ہسپتال میں جاری ری ویمپنگ منصوبے پر پیش رفت بارے دریافت کررہے ہیں

لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام سیمینار میں شرکاء اسٹیج پر بیٹھے ہیں

پاک چین تعاون سبوتاژ کرنیکی کوشش کبھی کامیاب نہیں ہوگی، چینی سفارتخانہ

پاکستان کے ساتھ کام کرنے کے لیے پُرعزم ہیں، سماجی اور اقتصادی ترقی کی کوششوں کی حمایت جاری رکھیں گے

دونوں ممالک کے عوام کو مزید فوائد پہنچانے کے لیے بھی پُرعزم ہیں، سفارت خانے کی جانب سے جاری کیا گیا بیان

بیجنگ (این این آئی) چین کے سفارت خانے کی جانب سے کہا گیا ہے کہ پاک چین تعاون کو سبوتاژ کرنے کی کوئی کوشش کبھی کامیاب نہیں ہوگی۔ یہ بات چینی سفارت خانے کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں سامنے آئی ہے۔ بیان میں چین کے سفارت خانے نے کہا کہ پاکستان کی سماجی اور اقتصادی ترقی کی کوششوں کی حمایت جاری رکھیں گے۔ چینی سفارت خانے کے بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کے ساتھ کام کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ (بقیہ نمبر 27)

یاسمین راشد کی 2 مقدمات میں درخواست ضمانت پر سماعت آج تک ملتوی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے تحریک انصاف (بقیہ نمبر28)

سینیٹ انتخابات کیلئے پنجاب اسمبلی کو پولنگ اسٹیشن کا درجہ دیدیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی ایوان کو 2 اپریل کو ہونے والے سینیٹ انتخابات کے لئے پولنگ اسٹیشن کا درجہ دیدیا گیا۔ اسپیکر پنجاب (بقیہ نمبر30)

بلوچستان، الیکشن کمیشن نے سابق صوبائی وزیر کی جیت کا نوٹیفکیشن معطل کردیا

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن نے سابق صوبائی وزیر زمرک خان کی بطور رکن بلوچستان اسمبلی پی بی 50 (قلعہ عبداللہ) سے جیت (بقیہ نمبر31)

سینیٹ الیکشن، پی ٹی آئی رہنماں کے کاغذات منظوری کیخلاف درخواست، الیکشن کمیشن سے جواب طلب

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مراد سعید، اعظم سواتی، فیصل جاوید، اظہر مشوانی اور خرم ذیشان کے سینیٹ انتخابات کے لیے (بقیہ نمبر 32)

اسرائیلی فوج کا پناہ گزین کیمپ میں گھر پر حملہ 8 فلسطینی شہید

انسانی امداد میں اضافے کی ضرورت ہے، ورلڈ فوڈ پروگرام، اسرائیل پر دباؤ برقرار رکھا جانا چاہیے، بلجیم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے پناہ گزین کیمپ میں ایک گھر پر حملہ کردیا جس کے نتیجے میں 8 فلسطینی شہید اور متعدد زخمی ہوگئے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اسرائیل کی جانب سے کہا گیا ہے کہ بین الاقوامی قوانین کے پابند ہیں، غزہ میں امداد کی فراہمی کیلئے نئے (بقیہ نمبر 29)

لاہور، صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر پریس کانفرنس کررہے ہیں

عدیل منگی کو امریکا کا پہلا مسلم اپیلز کورٹ جج بننے میں نئی مشکل درپیش

نیواڈا کی ڈیموکریٹ سینیٹر جیکی روزن نے بھی منگی کی مخالفت میں ووٹ دینے کا اعلان کردیا

واشنگٹن (این این آئی) پاکستانی امریکن عدیل منگی کو امریکا کا پہلا مسلم اپیلز کورٹ جج بننے میں نئی مشکل درپیش آگئی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق پاکستانی امریکن عدیل منگی کو امریکا کا پہلا مسلم اپیلز کورٹ جج بننے میں نئی مشکل درپیش آگئی۔ نیواڈا کی ڈیموکریٹ سینیٹر جیکی روزن (بقیہ نمبر 33)

لاہور، ڈی جی نیب لاہور امجد جنید اولکھ کھلی کچہری میں متاثرین کی شکایات سن رہے ہیں

روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ کی گفتگو

ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کیلئے پرعزم ہے، ہمیں اس میں کوئی شک نہیں کہ بشام حملہ پاکستان چین دوستی کے دشمنوں نے کیا تھا، ایسے دہشتگرد حملے پاکستان کے تمام محاذوں سے دہشت گردی سے نمٹنے کے عزم کو مزید تقویت دیتے ہیں، پاکستان اور چین قریبی دوست اور آہنی بھائی ہیں، اسرائیل کے حمایتی فلسطینیوں پر کی جانے والی بربریت کو روکنے کیلئے زور اور امدادی ٹیموں کو غزہ کے تمام حصوں میں جانے کی اجازت دیں، بھارت جموں و کشمیر میں استحصالی منصوبوں کو ترک کرے، افغانستان کے ساتھ تجارت اور عوام کے تعلقات کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہیں۔ جمعرات کو ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران ممتاز زہرہ بلوچ نے بتایا کہ بشام میں دہشتگردانہ حملے کے بعد حکومت پاکستان چینی حکومت کے ساتھ رابطے میں ہے جس کے نتیجے میں 5 چینی باشندے ہلاک ہوگئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے حملے پاکستان کے تمام محاذوں سے دہشت گردی سے نمٹنے کے عزم کو مزید تقویت دیتے ہیں، پاکستان اور چین قریبی دوست اور آہنی بھائی ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ ہمیں اس میں کوئی شک نہیں کہ بشام حملہ پاکستان چین دوستی کے دشمنوں نے کیا تھا، ہم مل کر ایسے حملوں کے خلاف بھرپور طریقے سے کارروائی کریں گے اور انہیں شکست دیں گے، پاکستان چینی شہریوں اور پاکستان میں چینی منصوبوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے چینی بھائیوں کے ساتھ مل کر کام کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ میں جنگ بندی کی قرارداد منظور ہوئے تین دن گزر گئے ہیں تاہم اسرائیلی کی فلسطینیوں کے خلاف جنگ اب تک جاری ہے اور فلسطینیوں کو اب بھی قحط اور نسل کشی کا سامنا ہے۔ ممتاز زہرہ بلوچ نے بتایا کہ ہم اسرائیل کے حمایتیوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اسرائیل پر فلسطینیوں پر کی جانے والی بربریت کو روکنے کے لیے زور دے اور امدادی ٹیموں کو غزہ کے تمام حصوں میں جانے کی اجازت دے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت مبینہ طور پر بھارتی مقبوضہ جموں اور کشمیر میں دریافت ہونے والے لیتھیم کے ذخائر کے کچھ بلاکس کو نیلام کرنے کے لیے تیار ہے اور ایسے خدشات ہیں کہ مقبوضہ علاقے کے باہر کسی کارپوریشن کو کشمیر کے قیمتی ذرائع سے فائدہ اٹھانے کے لیے ٹھیکے دیے جائیں گے جن پر کشمیریوں کا حق ہے۔ ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا کہ یہ اقدامات غیر قانونی اور استحصالی ہیں، کشمیر کو اس کے قدرتی وسائل سے محروم نہیں کرنا چاہیے، معدنی وسائل سمیت خطے کی دولت پر کشمیری عوام کا حق ہے۔ انہوں نے بھارت سے اس طرح کے استحصالی منصوبوں کو ترک کرنے کا مطالبہ بھی کر دیا۔ ممتاز زہرہ بلوچ نے بتایا کہ سیکریٹری کامرس خرم آغا نے وزیر کامرس افغانستان نورالدین عزیزی کے ساتھ دوطرفی تجارتی امور پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے 21 سے 24 مارچ تک افغانستان کا دورہ کیا

کمالیہ یوٹیلیٹی سٹورز پر عوام کو ریلیف دینے کا پروگرام ٹھپ صرف بی آئی ایس پی کے حامل افراد ریلیف کے مستحق، سفید پوش طبقہ رل گیا

کمالیہ (نامہ نگار) کمالیہ یوٹیلیٹی سٹورز پر عوام کو ریلیف دینے کا پروگرام ٹھپ صرف بی آئی ایس پی کے حامل افراد ریلیف کے مستحق، سفید پوش طبقہ رل گیا۔ رمضان المبارک میں یوٹیلیٹی سٹورز پر عوام کو ریلیف دینے کا پروگرام بری طرح ٹھپ ہو کر رہ گیا، اشیا خورونوش تو کسی حد تک موجود ہوتی ہیں لیکن لینے والے کوئی اہل موجود نہیں ہوتے شہر بھر میں متعدد یوٹیلیٹی سٹورز قائم ہیں جہاں پر ریلیف صرف بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حامل افراد کو مل سکتا ہے۔ شہریوں اور سفید پوش طبقہ نے کہا کہ اس رمضان میں عام آدمی کو خواری کے سوا کچھ نہ مل سکا۔ یوٹیلیٹی سٹورز پر اس دفعہ حکومت کی جانب سے جو سبسڈی دی گئی وہ صرف بے نظیر انکم سپورٹ کے رجسٹرڈ افراد کو مہیا ہے، شہری اور خصوصاً مڈل کلاس طبقہ بڑی تعداد میں یوٹیلیٹی سٹورز کا رخ تو کرتا ہے لیکن وہاں پر جب ان کا شناختی کارڈ سکین کیا جاتا ہے تو وہ یوٹیلیٹی سٹورز کی سبسڈی کے مستحق قرار نہیں دیے جاتے، اسی طرح دن رات یوٹیلیٹی سٹور کا عملہ شناختی کارڈ سکین کرنے میں مصروف رہتا ہے، ذرائع کے مطابق صرف 20 فیصد لوگ یوٹیلیٹی سٹور کے اس طریقہ کار سے مستفید ہو رہے ہیں جبکہ باقی عام عوام اس جان لیوا مہنگائی کے دور میں ارباب اختیار کی غلط پالیسیوں کی بھینٹ چڑھ رہی ہے۔ شہریوں اور عوامی سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ ہر شناختی کارڈ پر سبسڈی ہونی چاہیے

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی زیر صدارت وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کا پہلا اجلاس

ننکانہ صاحب (حکیم ریاض احمد) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی زیر صدارت وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کا پہلا اجلاس آفس چیمبر میں منعقد ہوا۔ اسسٹنٹ کمشنرز، سی او ضلع کونسل سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اسسٹنٹ کمشنرز نے سائیٹس کی نشاندہی بارے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع کے تین مختلف مقامات پر لینڈ کی نشاندہی کر لی گی ہے۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد نے تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز اور ریونیو افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ تینوں تحصیلوں کے شہر اور مین روڈز کے قریب لینڈ کے مزید مقامات تلاش کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ ہفتہ کے دوران مزید لینڈ کی نشاندہی کر کے رپورٹ پیش کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت بننے والی کالونیز میں پانی، بجلی، گیس سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا

اسرائیلی سفاکیت روکنے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں مسجد اقصی کی حفاظت کیلئے امت ایک ہوجائے، سماجی رہنما رانا طلحہ

کمالیہ (نامہ نگار) اسرائیلی سفاکیت روکنے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں مسجد اقصی کی حفاظت کیلئے امت ایک ہوجائے: سماجی رہنما رانا طلحہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی کسی طور قبول نہیں، اسرائیلی سفاکیت روکنے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں مسجد اقصی کی حفاظت کے لئے امت ایک ہوجائے، ظالم کی مدد ہوتی رہی تو عالمی امن کو شدید خطرات لاحق ہونگے، مہذب دنیا نے دہرا معیار اپنا کر اسرائیل کی خونی حکومت کے ساتھ کھڑے ہونے میں عافیت جانی ہے جبکہ پوری دنیا کے مہذب انسان فلسطینی کاز کے ساتھ کھڑے ہیں اور آزاد فلسطینی ریاست ان کا نعرہ بن چکا ہے اور فری غزہ پوری انسانیت کا ماٹو ہے

بانی ومرکزی چیئرمین امام حسن کونسل پاکستان صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری تین روزہ دورے پر آج جنوبی پنجاب روانہ ہونگے

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) بانی ومرکزی چیئرمین امام حسن کونسل پاکستان صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری تین روزہ دورے پر آج جنوبی پنجاب روانہ ہونگے۔ جنوبی پنجاب کے مختلف شہروں فروغ عشق امام حسن کانفرنسز سے خصوصی خطاب کریں گے تفصیلات کے مطابق امام حسن کونسل پاکستان کے بانی ومرکزی چیئرمین وگدی نشین دربار عالیہ حضرت پیر محمد یار بھٹی نوشاہی قادری المعروف بابا مالی شاہ سرکار رحمتہ اللہ علیہ صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری ایڈووکیٹ 3 روزہ دورے پر آج روانہ ہونگے آقا ومولا حضرت سیدنا امام حسن علیہ السلام کی ولادت باسعادت کے سلسلے میں جنوبی پنجاب کے مختلف شہروں میں فروغ عشق امام حسن علیہ السلام کانفرنسز میں خصوصی شرکت خصوصی خطاب کریں گے مورخہ 31 مارچ 2024 بروز اتوار بعد نماز عصر دربار عالیہ حضرت پیر محمد یار بھٹی نوشاہی قادری المعروف بابا مالی شاہ سرکار رحمتہ اللہ علیہ بابا مالی شاہ روڈ نزد بائی پاس جہانیاں پر امام حسن کونسل پاکستان تحصیل و سٹی جہانیاں کے زیر اہتمام فروغ عشق امام حسن علیہ السلام کانفرنس میں خصوصی شرکت وخصوصی خطاب کریں گے جبکہ مہمانان خصوصی صدر تحصیل جہانیاں علامہ فدا حسین چشتی جنرل سیکرٹری تحصیل جہانیاں حاجی محمد اقبال کبوہ حامدی صدر سٹی جہانیاں رانا محمد داد خان سعیدی جنرل سیکرٹری سٹی جہانیاں قاری محمد مدثر سعیدی ودیگر ہونگے جبکہ یکم اپریل 2024 بروز پیر بعد نماز عصر گیلانی فارم ہاس بند بوسن روڈ ملتان میں فروغ عشق امام حسن علیہ السلام کانفرنس میں خصوصی شرکت و خصوصی خطاب کریں گے کانفرنس امام حسن کونسل پاکستان کے مرکزی وائس چیئرمین مخدوم سید غلام مصطفیٰ گیلانی کی صدارت میں منعقد ہوگی مرکزی جوائنٹ سیکرٹری قاری محمد ظفر کوثر چشتی صدر ضلع ملتان پیر سید محبوب ایزد شاہ بخاری جنرل سیکرٹری احسن شریف ودیگر مہمانان خصوصی شرکت کریں گے

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس کی زیر صدارت ریونیو ریکوری کے ٹارگٹ کو بروقت مکمل کرنے کے حوالے سے اجلاس

ننکانہ صاحب (غلام سرور) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس کی زیر صدارت ریونیو ریکوری کے ٹارگٹ کو بروقت مکمل کرنے کے حوالے سے اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ریونیو آفیسرز سمیت دیگر ریونیو کے افسران وعملہ بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اسسٹنٹ کمشنرز کی جانب سے اجلاس کو ریونیو ریکوری کی حالیہ صورتحال بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس نے ریونیو ریکوری کے حوالے سے افسران کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ریونیو ٹیکسز کو بروقت اکٹھا کر کے خزانے تک پہنچانا ہم سب کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں پینڈنگ انتقالات ہرگز برداشت نہیں کیے جائیں گے، تمام افسران رواں ہفتہ کے دوران پینڈنگ فیسز کو بھی خزانے میں جمع کروائیں، فیسز جمع نہ کروانے والے ریونیو افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے کہا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز جمع بندی اور کھیوٹ ایشوز کو حل کروانے میں اپنا کردار ادا کریں، ریونیو آفیسرز سمیت دیگر ریونیو عملہ اپنی ذمہ داریوں کا تعین کر کے اور سو فیصد ریونیو ریکوری کو بروقت یقینی بنائیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز اپنی اپنی تحصیلوں میں ریونیو اکٹھا کرنے والی ٹیموں کی خود نگرانی کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو ریکوری کا ٹارگٹ بروقت مکمل کرنے والے افسران اور ملازمین خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ کام چوری اور سستی کا مظاہرہ کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔

پولیس تھانہ ہیڈ مرالہ وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار کرنے میں ناکام، شہریوں کا اظہار تشویش

ہیڈ مرالہ (نامہ نگار) پولیس تھانہ ہیڈ مرالہ وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار کرنے میں ناکام، شہریوں کا اظہار تشویش، ایک ایس ایچ او، دو سب انسپکٹر، چار اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور بیس سے زائد کانسٹیبلز پر مشتمل ٹیم سفید ہاتھی بن گئی، نااہل ایس ایچ او اور فوج ظفر موج کو تبدیل کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کیمطابق تھانہ ہیڈ مرالہ میں عرصہ دراز سے تعینات ایس ایچ او اور انکی فوج ظفر موج چوری، ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام ہے، ایک ماہ سے ازائد کا عرصہ گزر گیا سبزی فروش احسان الہی کو دوران ڈکیتی لوٹنے اور فائرنگ سے شدید زخمی کرنے والے ملزمان کو پولیس تھانہ ہیڈ مرالہ گرفتار نہ کرسکی، دو ہفتے گزر جانے کے باوجود رانا اسد سے نئی ہنڈا موٹر سائیکل، لیپ ٹاپ، نقدی اور اہم دستاویزات لوٹنے والے ملزمان بھی گرفت میں نہ آسکے اور نہ ہی چند روز قبل عاصم اور عثمان سے نقدی چھیننے والے ملزمان دھرے جاسکے۔ شہریوں نے آر پی او گوجرانوالا اور ڈی پی او سیالکوٹ سے نوٹس لیکر نااہل ایس ایچ او اور انکی من مرضی کی فوج ظفر موج کو فوری طور پر تبدیل کرنے کا مطالبہ

پولیس تھانہ ہیڈ مرالہ وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار کرنے میں ناکام،

ہیڈ مرالہ (نمائندہ انصاف) پولیس تھانہ ہیڈ مرالہ وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار کرنے میں ناکام، شہریوں کا اظہار تشویش، ایک ایس ایچ او، دو سب انسپکٹر، چار اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور بیس سے زائد کانسٹیبلز پر مشتمل ٹیم سفید ہاتھی بن گئی، نااہل ایس ایچ او اور فوج ظفر موج کو تبدیل کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کیمطابق تھانہ ہیڈ مرالہ میں عرصہ دراز سے تعینات ایس ایچ او اور انکی فوج ظفر موج چوری، ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام ہے، ایک ماہ سے ازائد کا عرصہ گزر گیا سبزی فروش احسان الہی کو دوران ڈکیتی لوٹنے اور فائرنگ سے شدید زخمی کرنے والے ملزمان کو پولیس تھانہ ہیڈ مرالہ گرفتار نہ کرسکی، دو ہفتے گزر جانے کے باوجود رانا اسد سے نئی ہنڈا موٹر سائیکل، لیپ ٹاپ، نقدی اور اہم دستاویزات لوٹنے والے ملزمان بھی گرفت میں نہ آسکے اور نہ ہی چند روز قبل عاصم اور عثمان سے نقدی چھیننے والے ملزمان دھرے جاسکے۔ شہریوں نے آر پی او گوجرانوالا اور ڈی پی او سیالکوٹ سے نوٹس لیکر نااہل ایس ایچ او اور انکی من مرضی کی فوج ظفر موج کو فوری طور پر تبدیل کرنے کا مطالبہ

ملک وعوام کیلئے ہمیشہ مسلم لیگ ن کا دور سنہری رہا ہے، مسلم لیگ ن کے ممبر صوبائی اسمبلی نواز چوہان

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) مسلم لیگ ن کے ممبر صوبائی اسمبلی نواز چوہان نے کہا ہے کہ ملک وعوام کیلئے ہمیشہ مسلم لیگ ن کا دور سنہری رہا ہے، میاں برادران کی قیادت میں وزیر اعلی مریم نواز کی موجودگی میں عوام کو تحفظ کا احساس دلائے گی، نگہبان رمضان راشن کی تقسیم اور دیگر انقلابی اقدامات سے مریم نواز عوام کے دلوں میں گھر کر چکی ہیں، انشا اللہ عوام کو مہنگائی و دیگر بحرانوں سے بھی نجات دلائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوسی 71 انور ٹاؤن میں بند سیوریج کی بحالی کے موقع پر موجود اہل علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کی بندش کے باعث گلیوں میں کھڑا گندا پانی راہگیروں ونمازیوں کے لئے مشکلات پیدا کر رہا تھا، واسا عملہ کے ہمراہ خود موقع پر موجود ہوں، انشااللہ جہاں بھی عوام کو پریشانی ہوئی میں موجود ہوں گا۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی مسائل کو حل کرانا میری سیاست کا محور ہے، ماہ رمضان کے مبارک ایام میں شہریوں و نمازی حضرات کے لئے آسانیاں پیدا کی جائیں گی، واسا عملہ عوامی خدمت گار بن کر سیوریج وصفائی کے مسائل فوری حل کرے۔

بڑھتا ہوا برین ڈرین ایک سنگین خطرہ

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) انٹرنی (محکمہ تعلقات عامہ گوجرانوالہ۔ ترقی پذیر ممالک کے باصلاحیت اور ہنرمند افراد کا بہتر مواقع کی تلاش میں ترقی یافتہ ملکوں کا رخ کرنا جس کی وجہ سے تیسری دنیا کے ممالک بحران کا شکار ہو جاتے ہیں اس ساری صورت حال کو برین ڈرین کہا جاتا ہے۔ برین ڈرین کی یہ صورت ترقی پذیر ممالک کو اچھے پیشہ ورانہ افراد سے محروم کر دیتی ہے پاکستان جو انتی قربانیوں کے بعد ہم نے حاصل کیا تھا اور اللہ تعالی نے ہمیں ایک بہترین جغرافیائی خطہ عطا کیا ہے ہر طرح کی زمینی اور معدنی دولت سے مالا مال ہے سب سے بڑھ کر یہاں کی عوام جو نہایت محنتی اور جفاکش ہے لیکن قیام پاکستان سے لے کر اب تک ہم اسی صورت حال کے شکنجے میں ہیں کہ ہم تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود بھی بے روزگاری جیسی مہلک بیماری کا شکار ہیں۔ ہر گزرتے دن اور سال کے ساتھ پاکستان میں بے روزگاری مہنگائی معاشی اور سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے برین ڈرین یعنی باصلاحیت اعلی تعلیم یافتہ ہنرمند افراد کا روزگار کیلئے بیرون ملک جانا آنے والے وقت کے لئے ایک سنگین خطرہ ہے کیونکہ پاکستان سے جس تیزی کے ساتھ پروفیشنلز باہر کے ممالک میں جا رہے ہیں اس سے پاکستان میں صرف امداد پر پلنے لوگ ہی باقی رہ جائیں گے معذرت کے ساتھ لیکن یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ اگر یہی صورت حال رہی تو وہ وقت دور نہیں جس میں باہر سے یعنی کہ بیرون ممالک سے امداد آیا کرے گی اور اس پر ہی لوگوں کا گذر بسر ہوا کرے گا۔ اس ساری صورتحال کو دیکھتے ہوئے کچھ سوالات ذہن میں آتے ہیں کہ سوچنے والی بات ہے کہ ایک تعلیم یافتہ شخص اپنے ملک میں کام کرنے کی بجائے دوسرے ترقی یافتہ ممالک میں ہی جا کر کام کرنے اور نئے سرے سے تعلیمی عمل مکمل کرنے کو ہی کیوں ترجیح دیتا ہے ایسی کونسی وجوہات ہیں جو انہیں اپنے ہی ملک میں کام کرنے اور اپنے ملک کی خدمت کرنے سے روکتی ہیں اس کی سب سے بڑی وجہ یہ دیکھنے میں آتی ہے وہ یہ کہ پاکستان میں معیشت اور روزگار کے شعبے میں جو کہ تیزی سے مہنگائی اور سیاسی بحران وسیع پیمانے پر عدم تحفظ اور قومی کرنسی کی بے قدری کی وجہ سے سست روی کا شکار ہیں یہ تمام وہ چیزیں ہیں جنہوں نے معاشرے کے ہر طبقے کے افراد کو پاکستان کے ڈوبتے جہاز کو ترک کرنے پر مجبور کر دیا ہے چونکہ پروفیشنل جاب حاصل کرنے کیلئے متعلقہ ملک کی تسلیم شدہ ڈگری کی ضروریات ہوتی ہیں یہی وجہ ہے کہ میڈیکل اور انجینئر جیسی ڈگری رکھنے والے بھی دوسرے ممالک میں جا کر ٹیکسی ڈرائیور گیس سٹیشن کے معاون اور خاک روب تک کی نوکری کر لیتے ہیں۔ کچھ نوجوان ہائیر ایجوکیشن کے سلسلہ میں بیرون ملک جاتے ہیں اور واپس آنے کی بجائے وہی پر کام کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ ایسے ہی ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے کچھ سال پہلے اعلی تعلیم کے لئے 132 طلبا بیرون ملک بھیجے تھے جن میں سے صرف 50 طلبا واپس آئے ایک رپورٹ کے مطابق 2022 سے بیرون ملک جانے والے افراد کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے ملک میں سیاسی عدم استحکام مہنگائی اور بے روزگاری ہے گذشتہ سال 2023 میں پاکستان سے بیرون ملک جانے والوں کی تعداد میں 4 گنا اضافہ ہوا ہے بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کی حالیہ رپورٹ کے مطابق 2023 میں 8 لاکھ 62 ہزار سے زائد پاکستانی روزگار کی غرض سے بیرون ملک میں سب سے بڑی منتقلی ہے کیونکہ 2015 میں بھی ملک میں غیر یقینی سیاسی اور معاشی صورتحال کے باعث 9 لاکھ 47 ہزار سے زائد پاکستانی اپنا ملک چھوڑ گئے تھے اس میں سب سے زیادہ تشویشناک بات یہ ہے کہ 2023 میں ملک چھوڑ کر جانے والوں میں 3 لاکھ 86 ہزار مزدور جبکہ تقریباً 5 لاکھ پاکستانیوں کا تعلق ہنرمندی سے تھا اعداد وشمار کے مطابق 1971 سے 2022 تک مل سے 61 لاکھ سے زائد افراد روزگار اور بہتر مستقبل کی غرض سے بیرون ملک منتقل ہوئے ہیں جس میں سے 88 فی صد یعنی 53 لاکھ افراد ہنرمند تھے کیونکہ 2021 میں ملک چھوڑ کر جانے والوں کی تعداد 288000 تھی لیکن گذشتہ سال یعنی کہ 2023 میں اس تعداد میں 4 گنا اضافہ ہوا اور یہ بڑھ کر 862000 تک جا پہنچی۔ ان میں سب سے زیادہ افراد سعودی عرب اور دوسرے عرب امارات میں ہیں اس کے علاوہ بھی پاکستانی دوسرے ممالک میں منتقل ہوئے جن میں کویت ملائیشیا برطانیہ جاپان چین وغیرہ شامل ہیں اور اس سب کی وجہ بہتر ڈگری ہونے کے باوجود بھی بہتر وسائل اور مواقع نہ ملنا ہے اور یہی چیزیں انہیں اپنے خاندان اور اپنے ملک سے دور کرتی ہیں اور اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ ٹیکنالوجی کے معاملے میں ہم دنیا یعنی دوسرے ترقی یافتہ ممالک سے بہت پیچھے تو ہیں ہی ہم صنعتی ممالک کے لئے ان کی مصنوعات کے استعمال کی ایک بہت بڑی منڈی ہیں جہاں ہم عالمی مالیاتی اداروں سے قرض لے کر اپنی بنیادی ضرورتوں کی چیزیں خریدنے پر مجبور ہیں جدید ٹیکنالوجی اور ترقی یافتہ مصنوعات تو ایک طرف پاکستان جو ایک زرعی ملک ہے لیکن پھر بھی وہ اس وقت اپنی عوام کے لئے بنیادی خوراک کی فراہمی میں بھی ناکام ہوتا جا رہا ہے۔ پاکستان کیلئے آنے والا منظر نامہ کیا ہوگا اس کا تصور ہی انتہائی بھیانک ہے ہم یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ اگر ہمارے ملک کی سیاسی و معاشی صورتحال بہتر ہوتی اور اس ملک میں روزگار کے بہتر مواقع اور وسائل کی بہتر دستیابی میسر ہوتی تو ہمارے اپنے پاکستانی اپنے ملک سے اپنے گھروں سے یوں دور نہ جاتے درخواست ہے ہماری حکومت اور پالیسی میکرز سے کہ وہ ایسی پالیسیاں تیار کریں جس میں ہم اپنے ملک کو اپنی بنیادی خوراک کے معاملے میں خود کفیل بنا سکیں اپنی زرعی پیداوار کو اس قدر بڑھا سکیں کہ اس کو برآمد کر کے اپنے ملک کی باقی ضروریات کو پورا کر سکیں اور اپنے اس ملک کو اس بھیانک برین ڈرین جیسی تشویشناک صورتحال سے بچایا جا سکے اور پاکستان کے مستقبل کو کسی بھی بڑے نقصان کا سامنا نہ کرنا پڑے

تحریر، ثنا لطیف

لاہور: مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ پنجاب کے صدر [illegible] کی جانب سے دیے گئے افطار ڈنر کے موقع پر [illegible] کا گروپ فوٹو

سرائے عالمگیر میں مسیحی برادری نے گڈ فرائیڈے منایا مذہبی تہوار ایسٹر اتوار کو منائے گی منایا

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) سرائے عالمگیر میں مسیحی برادری نے گڈ فرائیڈے منایا مذہبی تہوار ایسٹر اتوار کو منائے گی ملک بھر سمیت سرائے عالمگیر میں بھی مسیحی برادری نے گڈ فرائیڈے مذہبی جوش وجذبے کے ساتھ منایا اس موقع پر گرجا گھروں میں خصوصی عبادات کا اہتمام کیا گیا مسیحی خادمین اور پادری صاحبان نے گڈ فرائیڈے کی اہمیت وفضیلت بیان کی مسیحی راہنما سرفراز خاں نے کہا کہ انجیل مقدس کی تعلیمات ہمیں مذہبی بھائی چارہ پیار ومحبت عجز وانکساری کا درس دیتا ہے مسیحی برادری اپنی عبادات میں پاکستان کی سلامتی ترقی خوشحالی اور ملک میں قیام امن کے لیے بھی دعا گو ہے یاد رہے کہ مسیحی برادری اتوار کو اپنا مذہبی تہوار ایسٹر اپنے مزہبی جوش وخروش کے ساتھ منائے گی۔

سرائے عالمگیر میں پتنگ بازی کے خلاف، پتنگ جلا انسانی جان بچا مہم کا آغاز اساتذہ بچوں نے کثیر تعداد میں پتنگوں ڈور کو آگ لگا دی

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) سرائے عالمگیر میں پتنگ بازی کے خلاف، پتنگ جلا انسانی جان بچا مہم کا آغاز اساتذہ بچوں نے کثیر تعداد میں پتنگوں ڈور کو آگ لگا دی وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت اور آئی جی پنجاب کے احکامات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید اسد مظفر کی قیادت میں سرائے عالمگیر پولیس سرکل سمیت ضلع گجرات کے تمام تھانوں کی پولیس کی پتنگ بازی کیخلاف مہم بلا تفریق جاری ڈی ایس پی سرائے عالمگیر مدثر اقبال گجر نے ایس ایچ او تھانہ سٹی چوہدری محمد اختر چیچی، ایس ایچ او تھانہ صدر چوہدری فہد الرحمٰن، ایس ایچ او تھانہ بولانی چوہدری غلام مرتضی، پی آر او راجہ عبدالمنان کے ہمراہ مختلف سکولوں میں اساتذہ اور طالب علموں کے ہمراہ پتنگ جلا انسانی جان بچا مہم کا آغاز کیا۔ اساتذہ اور بچوں کی کثیر تعداد نے پتنگ اور ڈور کو آگ لگائی۔ ڈی ایس پی صاحبان کی جانب سے پتنگ بازی کے تدارک اور نقصانات کے بارے آگاہی بھی فراہم کی گئی اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید اسد مظفر نے کہا کہ آئی جی پنجاب کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف بلا تفریق کریک ڈاؤن جاری رہے گا کسی کو بھی پتنگ بازی کی آڑ میں قیمتی انسانی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

نشتر پریس کلب گجرانوالہ ٹرسٹ رجسٹرڈ کے تمام اعلی عہدے داروں نے اج کمشنر گجرانوالہ نوید حیدر شیرازی سے ملاقات کی



(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) نشتر پریس کلب گجرانوالہ ٹرسٹ رجسٹرڈ کے تمام اعلی عہدے داروں نے اج کمشنر گجرانوالہ نوید حیدر شیرازی سے ملاقات کی اور ان کو نشتر پریس کلب کے منشور کے حوالے سے بتایا کہ نشتر پریس کلب گجرانوالہ صحافیوں کی فلاح بہبود کے لیے دن رات کام کر رہا ہے میٹنگ کی صدارت جنرل سیکرٹری شہزاد خان نے کی انہوں نے اپنی گفتگو میں بتایا کہ نشتر پریس کلب گجرانوالہ صحافیوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے بچوں اور فیملیز کے لیے تعلیم اور ہیلتھ کے مسائل کو حل کرنے کے لیے مختلف اداروں سے ایم او یو سائن کر چکا ہے اسی طرح معاشی مسائل کے حل کے لیے 20 دن رات کوشش کر رہے ہیں تا کہ سفید پوش صحافیوں کو ساتھ لے کر چل سکیں اس پر پروفیسر فرخ شفیق ورک نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ نشتر پریس کلب کا مقصد فلاح انسانیت کے لیے کام کرنا ہے انفارمیشن سیکرٹری میڈم نویدہ بخاری نے بتایا کہ نشتر پریس کلب گجرانوالہ کے صحافیوں کے ساتھ ساتھ معاشرے کی فلاح بہبود کے لیے بھی اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں اس پر کمشنر گجرانوالہ نوید حیدر شیرازی نے نشتر پریس کلب کی تمام کاوشوں کو سراہا اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اج تمام مکتبہ فکر کو ملک وقوم کی سلامتی کے لیے مثبت کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ اج ہمیں تربیت سازی اور کردار سازی کی اشد ضرورت ہے تا کہ ہم نہ صرف خود کو ٹھیک کر سکیں بلکہ تمام قوم کی اصلاح کر سکیں اخر میں نشتر پریس کلب گجرانوالہ کے تمام عہدے داروں نے جن میں چیئرمین عظیم بٹ صدر غلام دستگیر ڈاٹ نائب صدر احمد رضا گیلانی جوائنٹ سیکرٹری عابد ہاشمی انفارمیشن فیکٹری بخاری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عدنان ثانی بٹ ایکشن کمیٹی کے صدر تہذیب باجوا نائب صدر علی رضا جعفری عمر بٹ عاطف شیخ اگزیکٹو ممبر راشد بٹ نعمان بٹ واجد میڈم گلشن سمیرا خان تنویر شیخ رانا اصف فوٹو گرافر بابر کھوکھر سینیئر صحافی اکبر شاہ کیمرا مین محمد علی بجن اور دیگر عہدے داروں نے کمشنر گجرانوالہ کا شکریہ ادا کیا اور معاشرے میں مثبت صحافتی خدمات سرانجام دینے کی یقین دہانی بھی کروائی اخر میں کمشنر گجرانوالہ نوید حیدر شیرازی نے نشتر پریس کلب کی طرح ملک کا شکریہ ادا کیا

بعدالت جناب عدنان احمد گوندل صاحب سول جج اوکاڑہ

دعویٰ: استقرار حق حکم امتناعی دوامی وتاکیدی
عنوان: رانا سفیان بنام ملک شمشاد
اشتہار بنام: ملک شمشاد والد بدر دین قوم ملک 54/2L تحصیل وضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کے نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 06.04.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب عدنان احمد گوندل صاحب سول جج اوکاڑہ

دعویٰ: حکم امتناعی دوامی وتاکیدی
عنوان: محمد رفیق بنام عبدالستار وغیرہ
اشتہار بنام: عبدالستار والد سلیمان قوم شیخ۔ غلام مرتضیٰ عبدالستار قوم شیخ ساکنان چک نمبر 38/جی ڈی یک پور اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کے نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 15.04.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب سہیل انور خان نیازی صاحب نائب تحصیلدار تاندلیانوالہ

شجرہ نسب پنڈی شیخ موسیٰ تحصیل تاندلیانوالہ بسلسلہ تصدیق شجرہ نسب پیش ہوا ہے جس میں احسان شاہ متوفی حال کے نام درج ہے جو وہ فوت ہو چکا ہے جس کے حقیقی وارثان لال بی بی والدہ پہلے فوت شد، فضل شاہ والد پہلے فوت شد، صغراں بی بی بیوہ زندہ، ناصر حسین، سلمان حسین شاہ پسران زندہ، بینش بی بی، عروسہ بی بی دختران زندہ، زرینہ بی بی بیوہ پہلے فوت، بشریٰ، کلثوم بی بی، نصرت بی بی، شائلہ بی بی دختران زندہ اگر ان کے علاوہ کوئی وارث ہو یا کسی شخص کو اعتراض یا عذر ہو تو اندر اشاعت اخبار سات یوم زیر دستخطی کے روبرو ہمراہ ثبوت پیش ہوں ورنہ تصدیق شجرہ نسب کردی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب حاجی عبدالمجید شاہد صاحب تحصیلدار/سرکل آفیسر ریونیو موضع دفتوہ قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی بارش علی ولد حسن دین سے کا انتقال وراثت رقبہ واقع موضع دفتوہ تحصیل وضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ وارثان میں بلقیس بیگم بیوہ زندہ۔ سلامت علی۔ بلال احمد پسران زندہ۔ صفیہ بی بی۔ کوثر بی بی دختران متوفی زندہ جیں اسکیلا وہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کرسکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سعید برکت صاحب سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق
عنوان محمد اسامہ بنام عوام الناس وغیرہ
اشتہار بنام 2 ایئر سیال لمیٹڈ کارپوریٹ ہیڈ آفس سیالکوٹ کشمیر روڈ سیالکوٹ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کے نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 18-04-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے۔

عنوان مقدمہ: صفدر منظور وغیرہ بنام محمد بخش وغیرہ ۔ درخواست نشاندہی حدود لائن حدبراری ۔ اخبار اشتہار بنام محمد بخش، ناصر، جعفر پسران شہامند قوم لک ۔ محمد نواز ولد خان قوم لک ۔ ثقلین ولد ریاض قوم لک سکنائے موضع پنڈی مدوکی تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم اندر سات یوم پیش عدالت ہوکر موقف پیش کریں ورنہ حدبراری کردی جائیگی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

جو ٹیوب ویل واسا کی اجازت کے بغیر لگے اسے سیل کر دیا جائے۔

بقیہ جات 48

۔ ایبی اور برٹنی دنیا کے سب سے مشہور جڑواں بچوں میں سے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کا سر اور دل الگ ہے، لیکن ان کے جسم جڑے ہوئے ہیں۔ ایک کی ٹانگیں اور دوسری کی بازو ہیں

بقیہ جات 49

حکمران سب اچھا کی رپورٹ دے رہے ہیں لیکن عوام کی حالت اس کے برعکس ہے اور ان کی بدحالی روز بروز بڑھ رہی ہے ، بدترین مہنگائی، بجلی اور گیس کی قیمتوں نے عوام کا کچومر نکال دیا ہے اور ان کے لئے ایک وقت کی روٹی کا حصول بھی ناممکن ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں معاشی اشاریے مثبت تھے اور عالمی ادارے بھی اس کے معترف ہیں، پی ڈی ایم سیریز ون اور ٹو کے بعد ملک تنزلی کی جانب گامزن ہے اور یہ سلسلہ رکتا ہوا دکھائی نہیں دے رہا۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف آئین و قانون کی بالادستی اور جمہوریت کی بقاء کے لئے اپنی پرامن جدوجہد جاری رکھے گی اور ان شاء اللہ طویل سیاہ رات کا جلد خاتمہ ہوگا۔

بقیہ جات 50

ضبط کیا گیا۔ یکم ستمبر 2023 سے اب تک ملک بھر سے 3036 میٹرک ٹن کھاد، 247 میٹرک ٹن آٹا، 33956 میٹرک ٹن چینی، 226432 سگریٹ کے سٹاکس، 244578 کپڑے کے تھان اور 4.094 ملی لیٹر ایرانی تیل برآمد ہوچکا ہے۔ متعلقہ ادارے ملک کو مشکل وقت سے نکالنے کے لئے اسمگلنگ کے خلاف اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ جات 51

اور گارڈنز کے نام، نامور شخصیات علامہ محمد اقبال، فیض احمد فیض، فردوسی اور رومی سے منسوب کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی نے یونیورسٹی فنڈز سے سرمایہ کاری کرنے کی پالیسی کی منظوری بھی دے دی گئی ہے۔ اجلاس میں ممبر سنڈیکیٹ شاہد محمود، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ ہائیر ایجوکیشن، ڈپٹی سیکرٹری فنانس ، ڈی جی فنانس ہائیر ایجوکیشن کمیشن، رجسٹرار شجاعت منیف قریشی، ٹریژر مدیحہ ناز نے شرکت کی۔ فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کی منظور شدہ سفارشات سنڈیکیٹ میں پیش کی جائیں گی۔

بقیہ جات 52

تھی کہ تھانہ سٹی کے بالمقابل گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول فار بوائز کے قریب پیچھے سے آنیوالے موٹر سائیکل سوار افراد نے فائرنگ کرکے مقدس بانو کو قتل اور اسکے شوہر جمیل احمد کو زخمی کردیا

بقیہ جات 53

رند کے کاغذات نامزدگی مسترد کروائے گئے اسے اس لئے اغوا کیا گیا کہ وہاں سے کسی شخصیت کی بیٹی الیکشن لڑ رہی ہے، نواب شاہ ان کا گڑھ ہے یہ وہاں سے بھی الیکشن لڑنے سے گھبراتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک سابق ایم این اے کی ویڈیو آئی ہے جس میں وہ پتنگ اڑا رہے ہیں لیکن ان کی گرفتاری کیلئے انتظار کیا جارہا ہے جبکہ ہمارے معاملے پر شک پر ہمارے کارکنان کو گرفتار کیا جارہا ہے۔

بقیہ جات 54

کنٹریکٹرز موجود تھے۔ صوبائی وزیر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں تمام موڈیولر تھیٹرز کو مکمل کرنے کیلئے دن رات کام کررہے ہیں۔ متعلقہ کمپنی کو پی آئی سی کے موڈیولر تھیٹرز کو مکمل کرنے کیلئے چوبیس گھنٹے کام کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں آنے والی دکھی انسانیت کو کسی صورت پریشان نہیں دیکھ سکتے۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے علاوہ بھی تمام دیگر کارڈیالوجی ہسپتالوں کی استعداد کار بڑھا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت نے ٹھیکیدار کو پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے موڈیولر تھیٹرز کو 10 اپریل تک ہر صورت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ جات 55

میں رمضان المبارک کے تیسرے جمعہ کے موقع پر غزوہ بدر کے موضوع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پیر سید ادریس شاہ زنجانی کا کہنا تھا کہ دلوں میں کامل ایمان، جذبہ شوق شہادت اور توکل ہوتو باطل کی بڑی سے بڑی طاقت کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ عددی

بعدالت جناب اصغر ندیم
صاحب سول جج صاحب
دیپالپور

دعویٰ: دعویٰ حکم امتناعی دوامی

بعنوان: فیض الٰہی بنام محمد امیر

اشتہار بنام: 1۔ محمد امیر ولد غلام محمد 2۔ حمزہ پسران محمد امیر اقوام راجپوت وٹو مانیکا ساکنان چورا لکھو یرا مانیکا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپکو متعدد بار طلب کیا گیا مگر آپکی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا آپکو مطلع کیا جاتا ہے آپ تاریخ مقرر 04-04-2024 صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب چوہدری محمد اکرم
صاحب نائب تحصیلدار شورکوٹ

عنوان مقدمہ: دانش علی وغیرہ بنام لیاقت علی وغیرہ ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 181/175 چک نمبر 485 ج ب تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام لیاقت علی، محمد رفیق ، حنیفاں بی بی بشریفاں بی بی، سلیم بی بی پسران ودختران مل عرف ملن اقوام راجپوت سکنائے چک نمبر 485 ج ب تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 01.04.2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

اکثریت اور مادی وسائل کی کمی کے باوجود اہل ایمان ہر محاذ پر کامیاب اور بامراد ہوسکتے ہیں، معرکہ بدر یوم الفرقان ہے جو حق وباطل کا فرق واضح کردینے والا دن ہے غزوہ بدر میں مسلمانوں کی فتح سے کفار کی کمر ٹوٹ گئی ان کا غرور خاک میں مل گیا اور اسلام کو تقویت ملی۔ جب کفار قریش کی طاقت کا گھمنڈ خاک میں مل گیا۔ اور مٹھی بھر مسلمانوں کو وہ ابدی قوت اور غلبہ حاصل ہوا جس پر اسلامی حکومت کی مضبوط بنیادیں قائم ہوئیں۔

بقیہ جات 56

اپنائی جائے۔ فیصل آباد میں پتنگ کی ڈور پھرنے سے نوجوان کی ہلاکت نے دل چھلنی کردیئے ہیں۔ پتنگ اور قاتل ڈوریں بنانے والوں کو کسی قسم کی کوئی معافی نہیں ملنی چاہئے۔

بقیہ جات 57

دال مسور، باسمتی چاول، دال مونگ، دال ماش سستی ہوئی۔

بقیہ جات 58

وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزہ فاطمہ نے مزید کہا کہ دونوں ممالک کے اسٹارٹ اپس کے تبادلے سے باہمی تعلقات کو مزید وسعت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے آئی ٹی و ٹیلی کام سیکٹر میں بڑا پوٹینشل ہے، آئی ٹی و ٹیلی کام سیکٹر میں آذربائیجان کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے۔ آذربائیجان کے سفیر نے کہا کہ پاکستان کا آئی ٹی و ٹیلی کام سیکٹر ترقی کی طرف گامزن ہے۔

بقیہ جات 59

نے حوالے سے مزید کہا کہ 94 سے زائد فیکٹریز کی غیر رجسٹرڈ اور جعلی ادویات قبضے میں لی گئی ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ اسٹور منیجر فاروق مراد کو گرفتار کرکے تفتیش کا آغاز کردیا گیا۔ اسٹور مالک عبدالکریم مراد کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ جات 60

گزار رہے ہیں کسی کو بھی راشن نہیں ملا، بے شمار بیوائیں اور یتیم بچے بھی اس راشن سے محروم ہیں۔ میڈیا میں چلنے والے پروگرام بھی چیخ چیخ کر اس بات کی غمازی کررہے ہیں کہ کسی غریب تک راشن نہیں پہنچا، ہمارا وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز سے مطالبہ ہے کہ غریبوں کے لئے دیا گیا راشن غائب کرنے والوں کی انکوائری کروائیں اور ملوث افراد کو نشان عبرت بنایا جائے اور مستحقین تک راشن پہنچانے کا انتظام کیا جائے ۔ ڈور ٹو ڈور مہم کے ذریعے اگر الیکشن کمپین چلائی جاسکتی ہے تو ڈور ٹو ڈور سروے کے ذریعے لوگوں کے حالات اور ان کی مالی حالت کا بھی اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح کی زیادتی اور دھاندلی بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں بھی ہورہی ہے اور احساس پروگرام میں بھی ۔ یکم اپریل پیر والے دن ناصر باغ سے وزیراعلیٰ ہاؤس تک بہت بڑی مریم نواز راشن دو ریلی نکالی جائے گی۔

بقیہ جات 61

درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت ایڈووکیٹ جنرل پنجاب خالد اسحاق نے درخواست قابل سماعت ہونے پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ میں پٹیشن پر اعتراض کے باوجود بانی پی ٹی آئی کے سکیورٹی خدشات سے متعلق رپورٹ طلب کروں گا، بانی پی ٹی آئی ہوں یا اللہ دتہ ان کی سکیورٹی کی ذمہ داری ہماری ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے ریمارکس دیئے کہ ہم مزید کسی بڑے حادثے کے متحمل نہیں ہوسکتے، پہلے لیاقت علی خان اور پھر بے نظیر بھٹو کو شہید کردیا گیا، بانی پی ٹی آئی پر پہلے بھی حملہ ہوچکا ہے،

بعدالت جناب رانا عابد اقبال
صاحب تحصیلدار تاندلیانوالہ

شجرہ نسب چک نمبر 458 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ بسلسلہ تصدیق شجرہ نسب پیش ہوا ہے۔ جس میں غلام فرید متوفی حال کے نام درج ہے جو وہ فوت ہو چکا ہے جس کے حقیقی وارثان پائن بی بی والدہ پہلے فوت شد، سعد اللہ والد پہلے فوت شد، حلیمہ بی بی بیوہ بعد فوت، حافظ مراد علی، عادل، غلام مرتضیٰ پسران زندہ، ظہوراں بی بی، معراج بی بی، تاج بی بی، منظوراں دختران زندہ اگر ان کے علاوہ کوئی وارث ہو یا کسی شخص کو اعتراض یا عذر ہوتو اندر اشاعت اخبار سات یوم زیردستخطی کے روبرو ہمراہ ثبوت پیش ہوں وگرنہ تصدیق شجرہ نسب کردی جائے گی ۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد نوید صاحب
سینئر سول جج / گارڈین جج / جج
فیملی ڈویژن قصور

مقدمہ نمبر 107FC بابت 16-03-24 دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع) عنوان: ماریہ عباس دختر عباس علی (مدعیہ) بنام حسیب افتخار اشتہار بنام حسیب افتخار ولد افتخار احمد ساکن چک نمبر 80 ای بی ڈاکخانہ چک نمبر 78 ای بی تحصیل عارفوالہ ضلع پاکپتن (مدعاعلیہ) ہرگاہ مدعاعلیہ کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتاہیکہ وہ برائے پیروی مقدمہ بالا بتقرر 30-03-2024 کو صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آدیں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی ۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب میاں محمد امجد
صاحب نائب تحصیلدار / سرکل آفیسر ریونیو موضع کھڈیاں تحصیل قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی محمد شمعون ولد جلال الدین حصے کا انتقال وراثت رقبہ واقع موضع ہنگر انوالہ تحصیل وضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ وارثان میں والد جلال الدین۔ والدہ حاجراں بی بی دونوں پہلے فوت شدہ ہیں۔ صغراں بی بی بیوہ زندہ۔ محمد اسلم۔ محمد شفیق کوکب۔ محمد رفیق۔ محمد صدیق۔ نوید احمد پسران زندہ۔ جبکہ آسیہ بی بی دختر متوفی زندہ ھیں اسکیعلاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہوتو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیردستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعدازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

General Notice

It is informed to the General Public that on the Commercial property/plot comprising 6 marla 25 square feet of Khosra number 1562, 1551, 4191, 1561 adjacent to four shops located on Main Infantry Road Mauza Mian Mir Cantt Lahore Status Quo Ordersa has been issue by the LahoreHigh Court in case titled Rashid Waheed Khokar vs. MCB Bank etc., therefore action will be taken against the person/persons involved in the transaction related to the above said commercial plot 6 marla 25 square feet HM Zeeshan Khalid Advocate High Court 0333-4038968

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پراپرٹی / پلاٹ بر مشتمل 6 مرلہ 25 مربع فٹ از خسرہ نمبران 1562,1551,4191,1561 ملحقہ چار دکانات واقع مین انفنٹری روڈ موضع میاں میر کینٹ لاہور پر عدالت عالیہ میں مقدمہ بعنوان راشد وحید کھوکھر بنام MCB بنک وغیرہ میں حکم امتناعی جاری کر رکھا ہے لہذا جائیداد مذکورہ بالا پلاٹ کمرشل 6 مرلہ 25 مربع فٹ سے متعلقہ لین دین خرید فروخت کرنے والے اشخص / اشخاص کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی ایچ ایم ذیشان خالد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ 0333-4038968

بانی پی ٹی آئی پر پہلے بھی حملہ ہوا، مزید بڑے حادثے کے متحمل نہیں ہو سکتے، ہائیکورٹ

ایڈووکیٹ جنرل کا درخواست قابل سماعت ہونے پر اعتراض، اسکے باوجود بانی پی ٹی آئی کے سکیورٹی خدشات سے متعلق رپورٹ طلب کروں گا

بانی پی ٹی آئی ہوں یا اللہ دتہ انکی سکیورٹی کی ذمہ داری ہماری ہے، ایڈووکیٹ جنرل، پٹیشن کے قابل سماعت ہونے سے متعلق 3 اپریل کو دلائل طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی آئی ٹی کو جیل میں مکمل سکیورٹی فراہم نہ کرنے کے خلاف دائر درخواست کے قابل سماعت ہونے سے متعلق آئندہ سماعت پر دلائل طلب کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی پر پہلے بھی حملہ ہو چکا ہے، ہم مزید کسی بڑے حادثے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے بانی پی ٹی آئی کو جیل میں مکمل سکیورٹی فراہم نہ کرنے کے خلاف (بقیہ نمبر 61)

لاہور، صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین چینی کمپنی کی نئی سولر پروڈکٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

پتنگ بازی جان لیوا کھیل، سختی سے روکنا انتہائی ضروری ہے، عابد علی

قاتل ڈور اور پتنگیں بنانے یا بیچنے بنانے والے کسی قسم کے رحم یا معافی کے مستحق نہیں ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) قومی تاجر اتحاد لاہور کے جنرل سیکرٹری حافظ عابد علی نے کہا ہے پتنگ بازی ایک جان لیوا کھیل ہے اس کو سختی سے روکنا انتہائی ضروری ہے۔ قاتل ڈور اور پتنگیں بنانے یا بیچنے بنانے والے کسی قسم کے رحم یا معافی کے مستحق نہیں ہیں۔ پنجاب حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں پتنگ بازی کے حوالے سے سخت ترین پالیسی اپنائی جائے۔ فیصل آباد میں پتنگ کی ڈور پھرنے سے (بقیہ نمبر 62)

جرائم پر قابو پانے کیلئے مزید پولیس سٹیشن قائم کیے جائیں، رمضان بھٹی، شبیر مقبول

سنگین جرائم کی تعداد میں اضافہ کی وجہ پولیس فورس اور تھانوں کی کمی ہے، مشترکہ بیان

لاہور (سٹی رپورٹر) رمضان صدیق بھٹی سابق ایم پی اے فنانس سیکرٹری مسلم لیگ ن لاہور شبیر مقبول سیکرٹری اطلاعات ونشریات آل پاکستان انجمن تاجران لاہور کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے مطالبہ کہ گزشتہ کئی سالوں کے دوران صوبائی دار الحکومت لاہور کی آبادی میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے اس کی وجہ سے جرائم پر قابو پانے کے لیے مزید پولیس اسٹیشن فوری قائم کیے (بقیہ نمبر 63)

فلسطین کے مظلوم مسلمانوں پر ظلم وبربریت دردناک ہے، مجاہد مقصود بٹ

قبلہ اول بیت المقدس کی فضائیں خدا کرے دوبارہ توحید ورسالت کی صداؤں سے گونجیں

لاہور (سٹی رپورٹر) ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس حاجی مجاہد مقصود بٹ نے کہا ہے رمضان المبارک میں فلسطین کے مظلوم مسلمانوں پر ظلم و بربریت انتہائی دردناک ہے۔ قبلہ اول بیت المقدس کی فضائیں خدا کرے دوبارہ توحید و رسالت کی صداؤں سے گونجیں۔ عالم اسلام اور پاکستان کی ترقی و استحکام کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔ رمضان المبارک کے بابرکت لمحات میں قبلہ اول (بقیہ نمبر 64)

جعلی ادویات کی فروخت میں ملوث میڈیکل سٹور منیجر گرفتار

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی نے کارروائی کرتے ہوئے جعلی دوائیں فروخت کرنے والے میڈیکل اسٹور منیجر کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں کارساز روڈ کے ڈی اے میں واقع میڈیکل اسٹور پر چھاپہ مارا گیا، مراد میڈیکو سے بڑی تعداد میں غیر رجسٹرڈ اور جعلی ادویات برآمد کی گئیں۔ ترجمان ایف آئی اے نے کہا کہ کارروائی خفیہ اطلاع پر ڈریپ کے ساتھ کی گئی۔ جعلی ادویات خفیہ خانوں میں چھپا کر رکھی ہوئی تھیں۔ ایف آئی اے حکام (بقیہ نمبر 59)

ذوالفقار بھٹو کے یوم شہادت پر ہونیوالا جلسہ رمضان کے احترام میں ملتوی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے یوم شہادت پر ہونے والا عظیم الشان جلسہ عام 4 اپریل کے بجائے اس بار 14 اپریل کو منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ بلاول ہاؤس کے ترجمان سریندر ولاسائی کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، رمضان المبارک کے احترام میں 4 اپریل کو ہونے والے جلسہ عام کو ملتوی کردیا گیا ہے اور اب یہ عظیم الشان عوامی اجتماع 14 اپریل کو گڑھی خدا بخش میں منعقد ہوگا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری جلسہ عام میں اہم خطاب کریں گے

فیصل آباد، عدالت نے گواہ منحرف ہونے پر 3 ملزمان بری کر دیئے

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد انسداد دہشت گردی کی عدالت نے گواہ منحرف ہونے پر ڈاکٹر کو تاوان کیلئے اغوا کرنے والے 3 ملزمان کو بری کر دیا۔ تفصیل کے مطابق تھانہ پیر محل کے علاقہ میں خانیوال جانے والے ڈاکٹر ارسلان کو ملزمان شاہد امین، اسد حیات اور سلیمان نے اغوا کیا اور اغوا کرنے کے بعد ملزمان نے ڈاکٹر کی رہائی کی عوض ورثا سے 1 کروڑ روپے تاوان طلب کیا

کربلا کی یاد پھر سے تازہ غزہ حماس رملہ ہے لہو لہو عرب ممالک کا تیل اسرائیلی ٹینکوں میں
اسرائیل کی مسلسل جارحیت کے نتیجے میں پانی کی قلت رفع کے شہداء کو سلام خوفناک قتل عام بند کرو
ظلم وبربریت کے 162 دن اسرائیل نے بین الاقوامی عدالت انصاف کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے معصوم بچے پانی کو ترس گئے
ابابیلوں سے بھی تیز جن کا کنٹرول آپ کے ہاتھوں میں ہے شاہینوں حرکت میں آؤ C-130 کے ذریعے خوراک پہنچاؤ
بیت المقدس کو آزاد کراؤ فلسطین کو آزادی دلواؤ پھر سے صلاح الدین ایوبی کی یاد تازہ کرو

لاہور، الامہ لائرز فورم کے زیر اہتمام فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم کیخلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں جوڈیشل کمیشن مسترد کرتے ہیں، ملک احمد خان بھچر

ن لیگ اور حکومت کی بدنیتی کے علاوہ کوئی وجہ نہیں، پی ٹی آئی کو دیوار سے لگایا جا رہا ہے، ججز کے خط کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں

جنہوں نے کل تک تین سو یونٹ مفت بجلی دینی تھی انہوں نے پانچ روپے یونٹ بڑھا دیا ہے، قائد حزب اختلاف پنجاب اسمبلی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف احمد خان بھچر نے کہا ہے کہ اتنے حساس معاملے پر ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں جوڈیشل کمیشن بنایا جا رہا ہے جسے مسترد کرتے ہیں، یہ مذاق کے سوا کچھ نہیں ہوگا، اس میں (ن) لیگ اور حکومت کی بدنیتی کے علاوہ کوئی وجہ نہیں، پی ٹی آئی کو دیوار سے لگایا جا رہا ہے، ججز کے خط کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں۔ پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مصطفیٰ (بقیہ نمبر 53)

لاہور، شہری بادشاہی مسجد میں نماز جمعہ ادا کر رہے ہیں

پی ڈی ایم سیریز ون ہٹو کے بعد ملک تنزلی کی جانب گامزن ہے، مسرت چیمہ

عوام سے مزید قربانی کا تقاضہ کرنے کی بجائے اقتدار کی باریاں لینے والوں کو آگے آنا چاہیے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ آئین و قانون کی حکمرانی نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان کو آج تک درست سمت نہیں مل سکی، عوام دہائیوں سے قربانی دیتے چلے آرہے ہیں اس لئے ان سے مزید کسی قربانی کا تقاضہ کرنے کی بجائے اس بار اقتدار کی باریاں لینے والوں کو آگے آنا چاہیے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 49)

جسمانی طور پر آپس میں جڑی بہنیں ایبی اور برٹنی نے شادی کر لی

حال ہی میں 2021 میں ہونے والی شادی کے دن کی ایک تصویر سوشل میڈیا پر پھیل گئی، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایبی ہینسل جو جسمانی طور پر آپس میں جڑی ہوئی ہیں نے کچھ عرصہ قبل جوش بولنگ سے شادی کر لی ہے۔ بولنگ ایک نرس اور فوجی تجربہ کار ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جڑواں لڑکیوں ایبی اور برٹنی ہینسل دوسرے لوگوں کی طرح معمول کی زندگی گزارتی ہیں، کاریں چلاتی، شاپنگ کرتی ہیں اور تیراکی کرتے ہیں۔ ان کا ایک دھڑ اور دو سر ہیں (بقیہ نمبر 48)

واسا کی اجازت کے بغیر لگنے والے تمام ٹیوب ویلز سیل کرنے کا حکم

ڈی جی ماحولیات کو کسی بھی سیاسی دباؤ کی صورت میں عدالت کو آگاہ کرنا چاہیے، جسٹس شاہد کریم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے واسا کی اجازت کے بغیر لگنے والے ٹیوب ویلز کو سیل کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے تدارک سموگ سے متعلق ہارون فاروق سمیت دیگر کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے ریمارکس میں کہا کہ کوئی بھی بور واسا کی اجازت کے بغیر نہیں ہو سکتا، کوئی ٹیوب ویل بھی واسا کی اجازت کے بغیر نہیں لگ سکتا، (بقیہ نمبر 47)

لاہور، ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا سے نیوی سٹیشن کمانڈر لاہور ملاقات کر رہے ہیں

ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں داخلوں کیلئے اقلیتوں کی دو فیصد نشستیں مختص کرنے کی منظوری

لاہور (این این آئی) وائس چانسلر ہوم اکنامکس یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر فلیحہ زہرا کاظمی کی زیر صدارت فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کا اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ یونیورسٹی کے تمام شعبہ جات میں بی ایس آنرز میں داخلوں کے لیے مذہبی اقلیتوں کے لیے دو فیصد نشستیں مختص کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ کمیٹی نے ہوم اکنامکس یونیورسٹی کی طالبات کی فیسوں میں رعائیت کی پالیسی بھی منظور کر لی ہے۔ کمیٹی نے یونیورسٹی میں معذور طالبات اور اساتذہ کیلئے انڈی پینڈنٹ لیونگ سنٹر کے قیام، یونیورسٹی گراؤنڈ (بقیہ نمبر 51)

فیصل آباد صندوق سے برآمدہ تشدد زدہ نعش ریکارڈ یافتہ ڈاکو کی نکلی

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد تھانہ ٹھیکری والا کے علاقہ جھنگ روڈ پر ٹھیکری والا کے قریب چک 76 ج ب جھوداں کے راجباہ سے برآمد ہونیوالی صندوق میں بند تشدد زدہ نعش کی شناخت ہو گئی۔ پولیس حکام کے مطابق نعش نوید عرف مدثر نامی نوجوان کی ہے جو کہ کریمنل ریکارڈ کا حامل اور مذکور ڈکیتی کی وارداتوں میں پولیس کو مطلوب ہے۔ دو روز قبل تھانہ ٹھیکری والا کے علاقہ جھنگ روڈ پر ٹھیکری والا کے قریب چک 76 ج ب جھوداں کے راجباہ سے صندوق سے تشدد زدہ نعش برآمد ہوئی تھی۔

فیصل آباد، خاتون کو جنسی ہراساں کرنیوالا نوجوان گرفتار

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے خاتون کو جنسی ہراساں کرنے والے نوجوان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او علی ضیاء نے فوٹیج سامنے آنے پر خاتون کو ہراساں کرنے کے واقعہ کا نوٹس لے کر ملزم کی گرفتاری کیلئے احکامات جاری کئے تھے۔ ایس پی اقبال ڈویژن عثمان منیر سیفی نے چار گھنٹوں میں ملزم کو گرفتار کر لیا۔ عزیز الرحمان نامی اوباش کو عثمان سیفی نے تھانہ بٹالہ کالونی منتقل کر کے قانونی کارروائی شروع کردی گئی۔

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

عوامی رکشہ یونین نے مریم نواز راشن دو تحریک کا اعلان کر دیا

ہمارے ہزاروں رکشہ ڈرائیور جو تنگدستی کی زندگی گزار رہے ہیں کسی کو بھی راشن نہیں ملا، مجید غوری

لاہور (پ ر) عوامی رکشہ یونین نے نگہبان رمضان پیکیج نہ ملنے پر مریم نواز راشن دو تحریک کا اعلان کر دیا۔ اس سلسلہ میں پہلا احتجاجی مظاہرہ چوک یتیم خانہ میں کیا گیا۔ اس موقع پر عوامی رکشہ یونین کے مرکزی چیئرمین مجید غوری نے میڈیا کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی جانب سے رمضان المبارک میں غریب اور کم آمدنی والے شہریوں کے لئے 30 ارب روپے کی خطیر رقم سے نگہبان رمضان راشن پیکیج کا اعلان کیا گیا تھا جو گھر کی دہلیز پر پہنچایا جانا تھا۔ لیکن جن کی یہ ذمہ داری لگائی گئی تھی انہوں نے چند ایک جگہ پر فوٹو سیشن کر کے باقی راشن غائب کر دیا ہے۔ یا اپنے عزیزوں اور رشتے داروں میں تقسیم کر دیا ہے۔ ہمارے ہزاروں رکشہ ڈرائیور جو تنگدستی کی زندگی (بقیہ نمبر 60)

شزہ فاطمہ سے آذربائیجان کے سفیر کی ملاقات، باہمی دلچسپی امور پر تبادلہ خیال

آذربائیجان کے ساتھ یوتھ ایکسچینج پروگرام شروع کرنے کے خواہاں ہیں، وزیر مملکت آئی ٹی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزہ فاطمہ سے آذربائیجان کے سفیر نے ملاقات کی جس دوران ان باہمی دلچسپی کے امور اور آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن سیکٹر سے متعلق گفتگو کی گئی، فریقین نے آئی ٹی و ٹیلی کام سیکٹر میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزہ فاطمہ نے کہا کہ پاکستان اور آذربائیجان کے مابین برادرانہ تعلقات ہیں، پاکستان آذربائیجان کے ساتھ تعلقات کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواہش ہے کہ دونوں ممالک میں تعلقات مزید مستحکم ہوں، آذربائیجان کے ساتھ یوتھ ایکسچینج پروگرام شروع کرنے کے خواہاں ہیں۔ (بقیہ نمبر 58)

لاہور، چیئرمین رویت ہلال کمیٹی وخطیب بادشاہی مسجد مولانا سید عبدالخبیر آزاد جمعہ کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں 0.09 فیصد کی معمولی کمی

حالیہ ہفتے برائلر مرغی 21 روپے 8 پیسے فی کلو اور انڈے 4 روپے 45 پیسے فی درجن مہنگے ہوئے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0.09 فیصد کی معمولی کمی ہوئی جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی مجموعی شرح 29.41 فیصد پر آ گئی۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی کی رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق ایک ہفتے میں 4 اشیائے ضروریہ مہنگی اور 18 کی قیمتوں میں کمی ہوئی، جبکہ حالیہ ہفتے 29 اشیا کی قیمتوں میں کوئی ردوبدل نہیں ہوا۔ حالیہ ہفتے برائلر مرغی 21 روپے 8 پیسے فی کلو اور انڈے 4 روپے 45 پیسے فی درجن مہنگے ہوئے۔ حالیہ ہفتے ٹماٹر 12 روپے 69 پیسے، آٹے کا تھیلا 103 روپے 85 پیسے، لہسن 15 روپے 53 پیسے، پیاز 3 روپے 53 پیسے، دال چنا ایک روپے 48 پیسے اور چینی 71 پیسے فی کلو سستی ہوئی۔ اسی طرح ایک ہفتے میں (بقیہ نمبر 57)

قاتل ڈوریں، پتنگیں بیچنے والوں کو سخت سزائیں دی جائیں، بابر محمود

پتنگ بازی سے قیمتی انسانی جانوں کا ضائع ہو جانا متاثرہ خاندان کیلئے کبھی نہ بھولنے والا غم ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران ہال روڈ خدمت گروپ کے صدر بابر محمود نے کہا ہے پتنگ بازی سے قیمتی انسانی جانوں کا ضائع ہو جانا متاثرہ خاندان کیلئے کبھی نہ بھولنے والا غم ہے۔ قاتل ڈوریں اور پتنگیں بیچنے والوں کو سخت سزائیں دی جائیں۔ ایسے عناصر کو سخت سے سخت سزا دی جائے جو انسانی جانوں سے کھیل رہے ہیں۔ حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں پتنگ بازی کے حوالے سے سخت ترین پالیسی (بقیہ نمبر 56)

غزوہ بدر میں مسلمانوں کی فتح سے کفار کی کمر ٹوٹ گئی، ادریس شاہ زنجانی

غزوہ بدر نے یہ واضح کر دیا کہ مسلمان کا بھروسہ دنیاوی ساز و سامان وہتھیار پر نہیں بلکہ اللہ پر ہے

لاہور (پ ر) دربار حضرت میراں حسین شاہ کے سجادہ نشین پیر سید ادریس شاہ زنجانی نے کہا ہے کہ صرف اللہ ہی سپر پاور ہے۔ جب یہ یقین ہو جائے تو دنیا کی کوئی طاقت شکست نہیں دے سکتی۔ غزوہ بدر کفر و اسلام کا تاریخ ساز معرکہ تھا۔ غزوہ بدر نے یہ واضح کر دیا کہ مسلمان کا بھروسہ دنیاوی ساز و سامان وہتھیار پر نہیں بلکہ اللہ پر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جامع مسجد شاہ زنجان (بقیہ نمبر 55)

دکھی انسانیت کو کسی صورت پریشان نہیں دیکھ سکتے، سلمان رفیق

وزیر صحت کا آپریشن تھیٹرز پر جاری پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے پی آئی سی کا دورہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن خواجہ سلمان رفیق نے آپریشن تھیٹرز پر جاری پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت نے زیر تکمیل موڈیولر تھیٹرز بارے پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سی ای او پی آئی سی پروفیسر ڈاکٹر انجم جلال، ایم ایس پی آئی سی ڈاکٹر سید محسن علی شاہ اور (بقیہ نمبر 54)

فیصل آباد، دوسری شادی رچانے کی خاطر خاوند نے نئی نویلی دلہن کو قتل کروا دیا

مقتولہ کی ایک ماہ قبل رخصتی ہوئی تھی، پولیس نے زخمی ہونیوالے شوہر اور قاتلوں کو حراست میں لے لیا

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد دوسری شادی رچانے کی خاطر افطاری سے واپسی پر خاوند نے کزن اور دوست سے نئی نویلی دلہن کو قتل کروا دیا، مقتولہ کی رمضان المبارک سے ایک ماہ قبل رخصتی ہوئی تھی، پولیس نے زخمی ہونیوالے شوہر اور قاتلوں کو حراست میں لے لیا، پولیس نے مقتولہ کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا ہے، تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی کی حدود علوی پارک کی رہائشی مقدس بانو کا ایک سال قبل جمیل احمد کیساتھ نکاح ہوا تھا اور رمضان المبارک سے ایک ماہ قبل رخصتی ہوئی تھی گزشتہ شب مقدس بانو اپنے شوہر جمیل احمد کیساتھ 240 موڑ سے افطاری کر کے موٹر سائیکل پر اپنے گھر جا رہی (بقیہ نمبر 52)

ملکی معیشت کی بحالی کیلئے اینٹی اسمگلنگ کریک ڈاؤن جاری

17 تا 24 مارچ کے دوران 18.14 میٹرک ٹن کھاد، 26.08 میٹرک ٹن چینی برآمد

288 سگریٹ کے سٹاکس، 962 کپڑے کے تھان، 0.696 ملی لیٹر ایرانی تیل برآمد

لاہور (این این آئی) ملکی معیشت کی بحالی کے لیے اینٹی اسمگلنگ کریک ڈاؤن جاری ہے۔ کریک ڈاؤن کے دوران 17 تا 24 مارچ کے دوران ملک بھر سے 18.14 میٹرک ٹن کھاد، 26.08 میٹرک ٹن چینی، 288 سگریٹ کے سٹاکس، 962 کپڑے کے تھان اور 0.696 ملی لیٹر ایرانی تیل برآمد کیا۔ متعلقہ اداروں نے کراچی سے 100، پشاور سے 65 اور کوئٹہ سے 123 سگریٹ کے سٹاکس برآمد کیے، پشاور سے 0.45 میٹرک ٹن جبکہ کوئٹہ سے 25.63 میٹرک ٹن چینی برآمد کیے گئے، ملتان سے 0.008، کراچی سے 0.604، پشاور سے 0.015 اور کوئٹہ سے 0.069 ملی لیٹر ایرانی تیل (بقیہ نمبر 50)

ٹریفک پولیس افسران پتنگ کی دھاتی ڈور سے بچاؤ کیلئے موٹر سائیکل پر سیفٹی راڈ لگا کر شہریوں کو آگاہی دے رہے ہیں

سیدہ عائشہؓ کا اسوۂ حسنہ خواتین کیلئے مشعل راہ ہے، متحدہ علما کونسل

آج کی خواتین سیدہ عائشہ صدیقہؓ کی تعلیمات کو اپنا کر معاشرے کی بہتری میں اپنا کردار ادا کریں

لاہور (این این آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سیدہ عائشہؓ کا اسوۂ حسنہ خواتین کیلئے مشعل راہ ہے، ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پیکر عزم ووفا، بے مثال عالمہ، فقیہہ اور فاضلہ تھیں، آج کی خواتین سیدہ عائشہ صدیقہؓ کی تعلیمات کو اپنا کر معاشرے (بقیہ نمبر 46)

ہواوے پنجاب میں سولر پینل کی تیاری کا پلانٹ لگائے، شافع حسین

سولر پینلز کی موٹرز کی درآمد پر عائد بھاری ڈیوٹی میں کمی کیلئے حکومت سے بات چیت جاری ہے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے رایہ گولف اینڈ کنٹری کلب ڈیفنس کا دورہ کیا۔ چین کی کمپنی ہواوے کی نئی سولر پراڈکٹ کے اجراء کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ صوبائی وزیر نے چینی کمپنی کے حکام کے ساتھ مل کر نئی سولر پراڈکٹ کا اجراء کیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پاکستان کو ماحولیاتی آلودگی کے چیلنج کا سامنا ہے۔ پاکستان اور چین کے مابین مضبوط دوستانہ اور معاشی تعلقات قائم ہیں۔ دونوں ممالک گرین انرجی میں مل کر آگے بڑھ سکتے ہیں۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ سولر ٹیکنالوجی کے (بقیہ نمبر 45)

لاہور، صوبائی وزیر بلدیاتی ذیشان رفیق پی ڈی ایف سی کے منصوبوں بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لیسکو کا کریک ڈاؤن، مزید 380 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف مہم جاری ہے، گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 380 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 149 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرائے گئے۔ ترجمان لیسکو کے مطابق پکڑے جانے والے کنکشنز میں 14 کمرشل، 1 زرعی اور 365 ڈومیسٹک تھے جنہیں منقطع کر کے ان کو 2 لاکھ 32 ہزار 389 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے جن کی مالیت 69 لاکھ 24 ہزار 798 روپے بنتی ہے۔ شاہدرہ کے علاقے میں کنکشن کو 1 لاکھ 10 ہزار روپے، شفیق آباد کے علاقے میں کنکشن کو 1 لاکھ روپے (بقیہ نمبر 36)

گاڑیوں کی درآمدات میں 8 ماہ کے دوران 10.32 فیصد کا اضافہ

لاہور (این این آئی) گاڑیوں کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 10.32 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں گاڑیوں کی درآمدات پر 863.97 ملین ڈالر کا زرمبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 10.32 فیصد زیادہ ہے

جی ٹی روڈ پر مسافر بس الٹ گئی، ایک شخص جاں بحق، 20 سے زائد مسافر زخمی

لاہور (این این آئی) لاہور صادق آباد جی ٹی روڈ پر جہانیاں کے قریب مسافر بس الٹ گئی، ایک شخص جاں بحق 20 سے زائد مسافر زخمی ہو گئے، ریسکیو ٹیموں نے زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کیا، بس لاہور سے براستہ جہانیاں بہاول پور جا رہی تھی، حادثہ تیز رفتاری کے باعث ٹائر برسٹ ہونے اور بس کے پول سے ٹکرانے سے پیش آیا۔ تفصیل کے مطابق لاہور صادق آباد جی ٹی روڈ پر جہانیاں کے نزدیک مسافر بس تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر پول (بقیہ نمبر 37)

سیدہ عائشہؓ کا اسوہ قیامت تک خواتین کیلئے مشعل راہ ہے، سنی علما کونسل

آپؓ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی خواتین اپنا کھویا ہوا وقار بحال کر سکتی ہیں، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ سیدہ عائشہؓ کا اسوہ قیامت تک خواتین کیلئے مشعل راہ ہے، امت مسلمہ کی خواتین کو ام المومنین کی تعلیمات کو اپنا کر معاشرے کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، آپؓ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی (بقیہ نمبر 34)

مقدس مہینے میں بجلی قیمتوں میں اضافہ ظلم ہے، جے یو آئی

آئی ایم ایف کی خوشنودی کیلئے بجلی قیمتوں میں اضافے کر کے عوام سے زیادتی کی گئی

حکمران بجلی قیمتوں میں اضافہ فوری واپس لیں اور عوام کو ہر ممکن ریلیف دینے کیلئے اقدامات کریں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم (بقیہ نمبر 35)

لاہور، خواتین بادشاہی مسجد میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے موقع پر دعا مانگ رہی ہیں

منشیات فروشی کے نیٹ ورکس کا قلع قمع اہم ایجنڈا ہے، سی سی پی او

رواں سال میں منشیات فروشوں کے خلاف 2500 مقدمات درج، 2584 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس منشیات سے پاک لاہور کیلئے پرعزم ہے۔ منشیات کے گھناونے کاروبار میں ملوث مگرمچھوں کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے۔ اس ضمن میں رواں سال میں منشیات فروشوں کے خلاف 2500 مقدمات کا اندراج کر کے 2584 ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ گرفتار ملزمان سے 1966 کلو سے زائد چرس، 72 کلو سے زائد ہیروئن، 34 کلو سے زائد آئس اور 16265 لیٹر شراب برآمد کی گئی ہے۔ کینٹ ڈویژن میں منشیات فروشی کے 500 ملزمان، سول لائنز ڈویژن میں 246، سٹی ڈویژن میں 638، اقبال ٹاؤن ڈویژن میں 405، صدر ڈویژن میں 380 جبکہ ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں 415 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے کیپٹل سٹی پولیس آفیسر بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ منشیات کے مکروہ (بقیہ نمبر 38)

لاہور، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید پلس پراجیکٹ میں پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ون وے کی خلاف ورزی روکنے کیلئے ٹائر کلرز کی تنصیب کا فیصلہ

اچھرہ، قرطبہ چوک، ایل او ایس اور شمع یوٹرن پر ٹائر کلرز لگیں گے، سکیم موڑ جنکشن، بجلی گھر اور ملتان چونگی چوک پر بھی ٹائر کلرز نصب کیے جائیں گے

18 مقامات کی نشاندہی، ٹیپا 45 روز میں ٹائر کلرز نصب کریگا، 3 کروڑ 74 لاکھ 50 ہزار لاگت آئیگی، آئندہ ماہ تنصیب کا آغاز کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں پہلی بار مرکزی شاہراہوں پر بڑے پیمانے پر ٹائر کلرز کی تنصیب کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کیلئے ٹیپا اور ٹریفک پولیس نے 18 مقامات کی نشاندہی کر لی۔ ون وے کی خلاف ورزی روکنے کیلئے ٹیپا 45 روز میں شہر کے 18 مختلف مقامات پر ٹائر کلرز نصب کرے گا، ٹائر کلرز کی تنصیب پر 3 کروڑ 74 لاکھ 50 ہزار روپے کی لاگت آئے گی۔ ذرائع کے مطابق ٹریفک پولیس کے وضع کردہ 6 سرکلو میں ٹائر کلرز (بقیہ نمبر 39)

پنجاب پولیس کی دھاتی ڈور، پتنگ بازوں کیخلاف خصوصی مہم جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کی دھاتی ڈور اور پتنگ بازوں کے خلاف خصوصی مہم جاری ہے، لاہور سمیت صوبہ بھر میں اینٹی کائٹ فلائنگ ایکٹ کے تحت قانون شکنوں کے خلاف گھیرا مزید تنگ کر دیا گیا، گزشتہ 24 گھنٹوں (بقیہ نمبر 41)

مصنوعی مہنگائی کی روک تھام کیلئے ہنگامی اقدامات کی ضرورت ہے، مسلم لیگ

جو لوگ ٹیکس دینے کی استعداد رکھتے ہیں انہیں ٹیکسز کی ادائیگی کرنی چاہیے، جنرل سیکرٹری محمد ندیم پہلوان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان نے کہا ہے کہ مصنوعی مہنگائی کی روک تھام کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے، مہنگائی کی روک تھام کیلئے نئے محکمے کے قیام کیلئے جلد پیشرفت کی جائے اور اس کے افسران اور عملے کو بااختیار ہونا چاہیے۔ اپنے دفتر میں ملاقات کیلئے آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے ندیم پہلوان نے کہا کہ (بقیہ نمبر 40)

(اشتہار نیلام عام)

بحکم عدالت جناب سید نوید رضا بخاری صاحب جج بینکنگ کورٹ نمبر II گوجرانوالہ کیمپ گجرات

ہاؤس بلڈنگ فنانس کمپنی لمیٹڈ ہیڈ آفس ایٹ فنانس اینڈ ٹریڈ سنٹر شاہراہ فیصل کراچی بذریعہ برانچ منیجر ہاؤس بلڈنگ فنانس کمپنی لمیٹڈ برانچ آفس گجرات

بنام

سعیدہ اختر عرف غزالہ حیدری زوجہ محمد حنیف حیدری سکنہ محلہ اسلام نگر صابووال روڈ گجرات

تفصیل زرڈگری: بروئے وصولی زرڈگری مبلغ -/781,136 روپے علاوہ خرچہ واخراجات نیلام وکاسٹ آف فنڈ تا مکمل ادائیگی زرڈگری کلیم۔ (نوٹ۔ ادائیگی بعد از تاریخ ڈگری زرڈگری میں سے منہا تصور ہوگی)۔

تفصیل جائیداد زیر نیلام: پراپرٹی جائیداد بشکل مکان برقبہ تعدادی 6 مرلے بروئے کھیوٹ نمبر 529/3 کھتونی نمبر 705 خسرہ نمبر 1627/588 کل رقبہ تعدادی 6 کنال 13 مرلے کا 6/133 حصہ بقدر 6 مرلے رقبہ موضع ناواں سیومنددوال اندرون حدود کمیٹی گجرات (حال واقع محلہ اسلام نگر گجرات) بحدود ذیل شمال گلی 6 فٹ جنوب پلاٹ زیب النساء، مشرق مکان خورشید بیگم، مغرب مکان غلام غوث

ریزرو پرائس/ سرکاری بولی:	-/38,54,000 روپے
شیڈول نیلام عام:۔	
تاریخ اجراء اشتہار:	11-03-2024
چسپائگی اشتہار در عدالت:۔	18-03-2024
چسپائگی اشتہار بر موقع ودشتری منادی:	22-03-2024
تاریخ اشاعت اخبار نیلام اخبار:	28-03-2024
تاریخ نیلام:	02-05-2024 بروز جمعرات
بوقت:	1:00 بجے دوپہر

برجائیداد زیر نیلام واقع موضع ناواں سیومنددوال اندرون حدود کمیٹی گجرات (حال واقع محلہ اسلام نگر گجرات)

شرائط نیلام:۔

۱۔ نیلامی میں حصہ لینے سے قبل ہر بولی دہندہ کو رقم مبلغ -/100,000 روپے بطور زرضمانت زیر دستخطی کے پاس جمع کروانے ہونگے جو ناکام بولی دہندگان کو اختتام نیلامی جائیداد پر واپس کر دیے جائیں گے۔ ۲۔ سرکاری بولی/ ریزرو پرائس پراپرٹی کے آگے درج ہے۔ ۳۔ جائیداد کی نسبت سب سے زیادہ بولی دہندہ کے نام نیلام ختم کیا جائے گا۔ ۴۔ جائیداد کی نسبت کامیاب بولی دہندہ کو مکمل زر نیلام فوری طور پر نیلام کنندہ کو بذریعہ پے آرڈر/ بنک چیک ہیڈ آف اکاؤنٹ G-1129 بینکنگ کورٹ نمبر II گوجرانوالہ ادا کرنا ہوگا بصورت دیگر جائیداد دوبارہ نیلام کی جائے گی اور ایسے بولی دہندہ کا زرضمانت ضبط تصور ہوگا۔ ۵۔ بقیہ زر نیلام 15 دن کے اندر کامیاب بولی دہندہ عدالت میں جمع کروائے گا، عدم ادائیگی زرضمانت کی صورت میں عدالت کو اختیار ہوگا کہ وہ جمع شدہ رقم سے اخراجات نیلام وضع کر کے جائیداد مذکورہ کو دوبارہ نیلام کردے۔ اگر جائیداد سابقہ بولی سے کم رقم پر نیلام ہو تو یہ فرق اس زرضمانت سے پورا کیا جائے گا۔ ۶۔ نیلام کی حتمی منظوری عدالت خود دے گی تاہم عدالت کو پورا اختیار ہے کہ وہ کوئی بھی بولی منظور یا نامنظور کرنے کی وجوہات ظاہر نہ کرے۔ ۷۔ کورٹ آکشنر اپنی مرضی سے بولی بڑھائے گی اور کوئی بھی تنازعہ بابت بولی اٹھایا گیا تو نیلام دوبارہ ہوگا۔ ۸۔ زیر دستخطی بغیر وجہ بتائے بولی/ نیلام کو منسوخ یا ملتوی کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ ۹۔ تفصیل جائیداد مذکورہ مطابق اطلاع درست ہے۔ ۱۰۔ جائیداد متذکرہ بالا کے متعلق چھان بین بذمہ خریدار ہوگی، بولی دہندگان اپنا شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔ ۱۱۔ نیلامی کا شیڈول مقامی اخبار میں بھی شائع کیا جائے گا۔ ۱۲۔ موقع پر ہونے والی کارروائی کی ویڈیو ریکارڈ کرنے کے بعد اسے USB میں محفوظ کر کے ہمراہ رپورٹ نیلام منسلک کیا جائے گا۔ ۱۳۔ چونکہ ریزرو پرائس 20 لاکھ روپے سے زائد ہے اس لیے نیلامی کا شیڈول مقامی اخبار میں شائع کیا جائے گا۔

مزید معلومات وتفصیلات کیلئے زیر دستخطی یا منیجر ڈگری دار سے رجوع کرے۔

کورٹ آکشنر:۔ رُبا عاطاہر ایڈووکیٹ ہائیکورٹ نیو لائرز کمپلیکس ضلع کچہری گجرات فون نمبر 0306-6422804